نبیا گفته یدل علی ان الرسول لا یلزم
ان یکون صاحب الشریعة لان اولاد
ابراهیم کانوا علی شریعته ومحمد بصیغه اسم مفعول
از باب تفعیل مبالغهٔ محمود است چه تحمید ابلغ از
حمد است پس معنی محمد کسیکه خصال محمودهٔ وے
کثیر باشند واین جا اسم مبارک حضرت رسالت پناہ
صلعم است وگفته اند که نامید داست او را این
نام بعد از تولد جد وے عبد المطلب چون گفته شد
او را که چرا نام ننهادی این پسر را بنام پدران خود
واین نام هرگز در قوم تو نبوده است گفت نام نهادم
او را باین نام امید که ستوده شود به زبان تمام اهل
زمین ودر روایتے آمده تا بستاید او را خدای تعالے
در آسمان وبستایند او را مردم بر زمین وآورده اند
که عبد المطلب در خواب دید که سلسلهٔ نقره از
پشت او بر آمده است که یک طرف او در آسمان
وطرف دیگر در مشرق وطرف دیگر در مغرب و
بعد ازین آن سلسله درختی شده است که بر وے
برسیت واهل مشرق ومغرب متعلق اند بآن پس
گفت این خواب را با مردم وتعبیر کردند که از صلب وے

اس کے جواب مین قاضی تفسیر آیهٔ کریمهٔ واذکر
فی الکتب اسمٰعیل الخ مین لکھتے ہین کہ یہ اس کی دلیل
ہے کہ رسول کے لیے صاحب شریعت ہونا لازمی
نہین کیونکہ اولاد ابراہیم اون کی شریعت پر
تھی۔ اور محمد بصیغہ اسم مفعول باب تفعیل سے محمود کا
مبالغہ ہے کیونکہ تحمید حمد سے بلیغ ہے تو محمد کے معنے
یہ ہین کہ جس مین اچھی عادتین بہت ہون اور یہان
آنحضرت صلعم کا نام نامی مراد ہے جو آپ کی ولادت
کے بعد آپ کے دادا عبد المطلب نے رکھا جب
اون سے لوگون نے کہا کہ تم نے ان کا نام اپنی بزرگون
کی طرح کیون نہ رکھا ایسا نام تو کبھی تمھارے خاندان
مین ہوا نہین تو اونھون نے کہا کہ مین نے اس امید پہ
رکھا ہے تاکہ تمام دنیا اوس کی تعریف کرے اور ایک
روایت مین ہے کہ تاکہ خداوند تعالے آسمان مین اور
لوگ زمین مین اوس کی تعریف کرین۔ مروی ہے
کہ حضرت عبد المطلب نے خواب مین دیکھا کہ چاندی
کی ایک زنجیر اون کی پشت سے نکلی جس کا ایک
سرا آسمان تک اور دوسرا مشرق سے مغرب تک
تھا پھر وہ ایک نورانی درخت ہو گئی جس مین تمام
اہل مشرق ومغرب معلق تھے اونھون نے یہ خواب
لوگون سے بیان کیا سب نے یہ تعبیر دی کہ تمھاری پشت سے

کسے پیدا شود کہ اہل مشرق و مغرب تابع او شوند و
ستودہ شود در آسمان و زمین ازین جہت محمد نام
نہادند و نیز آمنہ مادر آنحضرت صلعم بخواب دید کہ کسی
می گوید بارور شدۂ تو بسیدا این امت و پیغمبر وے و
چون بزائی محمد نام کنی و گویند کہ نامیدہ است اللہ
تعالی آنحضرت صلعم را باین نام مبارک پیش از آنکہ
پیدا کند خلق را بدو ہزار سال و یاد کردہ است و باین
نام مبارک در قرآن و آوردہ اند کہ پیش از وجود شریف
ہیچ کس مسمی باین نام نبود و چون اہل کتاب خبر دادہ
کردند و نیک است کہ پیغمبر آخرالزمان بوجود آید کہ نام
وے محمد باشد چند کس پسران خود را باین آرزو
محمد نام نہادند کہ شاید بہ شرف نبوت مشرف شوند
لیکن خداے تعالی ہمہ را ازین دعوی نگاہ داشت
و چون این نامیدن بعد از شنیدن نام آنحضرت
صلعم شد گویا بعد از وی شد و این نام مشہورترین
نامہاے آنحضرت صلعم است و علم است کہ دلالت
می کند بر ذات شریف وی صلعم و اسم شریف آنحضرت
صلعم چہار حرفی چرا بود و حکمت درین چیست و معنی اش
کدام ہے نیشاپوری گوید کہ چون اسم اللہ تعالے
چہار حرفیست پس مناسب بود کہ اسم حبیب خود را
نیز چہار حرفی گرداند تا موافقت باشد بین الاسمین

ایک ایسا شخص پیدا ہوگا جس کے تابع تمام مشرق
اور مغرب والے ہون گے اور زمین و آسمان مین
اوس کی تعریف کی جائے گی اس لیے اونھون نے
یہ نام رکھا ۔ نیز آپ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ نے
خواب مین دیکھا کہ اون سے کسی نے کہا کہ تم اس
امت کے سردار و پیغمبر سے حاملہ ہو جب وہ پیدا ہون
تو اون کا نام محمد رکھنا کہتے ہین کہ آپ کا یہ نام اللہ
تعالی نے دو ہزار سال قبل تخلیق عالم رکھا تھا اور
اسی نام سے آپ کو قرآن مجید مین یاد فرمایا بیان
کرتے ہین کہ آپ کی ولادت سے پہلے کسی کا یہ نام
نہین تھا جب اہل کتاب نے خبر دی کہ عنقریب پیغمبر
آخرالزمان پیدا ہونگے جن کا نام محمد ہوگا تو کئی لوگون
نے اسی آرزو مین اپنے لڑکون کا نام محمد رکھا کہ
شاید شرف نبوت سے مشرف ہون لیکن خدا نے
سب کو اس دعوے سے محفوظ رکھا چونکہ وہ نام
آپ کا نام نامی سننے کے بعد رکھے گئے تھے تو گویا
آپ کے بعد ہوے ۔ یہ نام آپ کا اور نامون سے
زیادہ مشہور ہے اور اس کے چار حرفی ہونے کی حکمت
اور اس کے معنے نیشاپوری یہ لکھتے ہین کہ چونکہ
اللہ تعالے کا نام خود چار حرفی ہے لہذا اوس نے
آپ کا نام بھی بسبب موافقت چار حرفی رکھا

و بہ تحقیق نزدیک گردانیدہ است اللہ تعالی اسم
محمد صلعم را با اسم خویش در شہادتین و غیر ذالک و
ہمین معنی قولہ تعالی ست و رفعنا لک ذکرک
ای لا اُذکرُ الا و تُذکرُ
معی انتھی و اما معنے حروف یس
قومے گویند کہ معنی سین محق الکفر بالاسلام است و
بعضے گویند ماحی سیئات تابعین خویش و بعضے میگویند
کہ این اشارہ است بہ منت نہادن حق سبحانہ بر
مومنین بہ محمد صلعم کہ دلیل آن قول او تعالی است
لقد من اللہ علی المؤمنین و برخی برین کہ این
اشارہ از منذر و مبشر بودن وی است و بعضی اندکے
کنایہ از مقام محمود اوست و (حا) یس می گویند
کہ حکم اوست بین الخلق بحکم اللہ و دلیل او قولہ تعالے
است فلا و ربک لا یومنون حتی یحکموک
فیما شجر بینھم و میم ثانی اشارہ بہ مغفرت خواستن
برائے امت خویش و دال عبارت است از دعوت
خلق الی الحق قال اللہ تعالی داعیا الی اللہ باذنہ
و اندکے می سرایند کہ آنحضرت دلیل خلق است
بسوے حق و لیکن در وضع حروف بایں ترتیب
یس گفتہ شدہ برائے این کہ پیدا کرد حق سبحانہ خلق را
بر صورت محمد رسول صلعم بصورت سر انسان است و حا

نیز اللہ تعالے نے اپنے نام کے ساتھ آپ کا نام بھی
کلمۂ شہادتین مین رکھا اور رفعنا لک ذکرک
کے یہی معنی ہین یعنی جب مین یاد کیا جاؤن گا تو
تم بھی یاد کیے جاؤگے۔ اور معانی حروف کے متعلق
بعض یہ کہتے ہین کہ میم کے معنی اسلام سے کفر
مٹانے والے کے ہین اور بعض کے نزدیک اپنے
تابعین کے گناہ محو کرانے والے کے اور بعض کے
نزدیک اس سے اس طرف اشارہ ہے کہ خدا نے آپ
کے وجود باجود سے مومنین پر احسان کیا بدلیل
اس آیت کے کہ لقد من اللہ علی المؤمنین
اور بعض کے نزدیک اس سے آپ کے منذر و مبشر
ہونے کی طرف اشارہ ہے اور بعض کے نزدیک
مقام محمود سے کنایہ ہے اور ح سے مراد آپ کا بحکم الہی
خلق مین حکم ہونا ہے اس دلیل سے کہ فلا و ربک
لا یؤمنون اور دوسرے میم سے امت کے لیے
طلب مغفرت اور دال سے دعوت خلق بحق مراد ہے
اللہ تعالے فرماتا ہے کہ داعیا الی اللہ باذنہ اور بعض
کے نزدیک یہ کہ آنحضرت صلعم حق تعالے کی طرف
خلق کے رہنما ہین اور ترتیب حروف تہجی کی وجہ
بعض کے نزدیک یہ ہے کہ خدا نے خلق کو لفظ محمد کی
صورت پر پیدا کیا میم انسان کے سر کی صورت ہے اور ح

بجز آنکہ ہر دو دست و باطن عا مثل بطن و ظاہر آن
مثل پشت و میم ثانی مجمع الالیتین و مخرج ہر دو طرف
دال مثل رجلین و مر این اسم را دہ خصائص اند
یکے اضافت کرد اللہ تعالی اسم او را بسوے اسم خود
دوم آفرینش خلق بصورت اسم او سوم نزدیک کرد
اسم او را با اسم خویش چہارم نوشتہ شد اسم او بر ساق
عرش چنانچہ مرویست کہ عرش ہنگام آفرینش خود
مضطرب بود پس ہر گاہ نوشتہ شد اسم شریف صلعم
بر او ساکن شد پنجم اشتقاق اسم اوست از اسم باری
کہ محمود است چنانچہ حسان رض بن ثابت گوید ؎

اغر علیہ للنبوۃ خاتم من اللہ مشہود یلوح و یشہد
وضم اللہ اسم النبی الی اسمہ + اذا قال فی
الخمس المؤذن اشہد + وشق لہ من اسمہ
لیجلہ + فذو العرش محمود وہذا محمد +

ششم جاری شدن سفینہ نوح بسبب اسم او ہفتم
موافقت با اسم اللہ در عدد حروف ہشتم پذیرفتہ شدن
توبہ آدم بدولت نام او نہم تسخیر شیاطین برای سلیمان
علیہ السلام بذکر اسم او دہم کنیت کردہ شدن آدم بابی محمد
بہ اسم سائر اولاد خویش کذا فی الکنز المدفون
والفلک المشحون ۔ و آل اولاد و اتباع را گویند
و اصحاب ہم در و داخل اند اصل و اہل ست بدلیل اہیل

دونوں ہاتھوں کیطرح اور اسکا ظاہر و باطن پیٹ اور پیٹھ کی
طرح اور دوسرا میم کولون کی طرح اور دال کے دونوں گوشے
پیروں کی طرح اور اس نام کی دس خصوصیتیں ہیں ایک یہ کہ
آپ کے نام کی اضافت اللہ نے اپنے نام سے کی دوسرے
خلق کو آپکے نام کی صورت پر پیدا کیا تیسرے آپکا نام اپنے نام سے
نزدیک کیا چوتھے آپ کا نام ساق عرش پر لکھا مروی ہے
کہ جب عرش پیدا کیا گیا تو وہ جنبش میں تھا جب آپکا نام اوسپر
لکھا گیا تو وہ ٹھہر گیا پانچویں آپ کا نام خدا کے اسم محمود سے
مشتق ہے چنانچہ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ
فرماتے ہیں کہ ؎ خدا کیطرف سے نبوت کی صاف دلیل
ہے کہ اوسنے آپکا نام اپنے نام سے ملایا چنانچہ موذن اذان
میں پانچوں وقت کہتا ہے اور آپکی تعظیم کیلیے اپنے نام سے
آپ کا نام مشتق کیا تو صاحب عرش محمود ہے اور آپ محمد
ہیں چھٹے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی آپکے نام کی
برکت سے روان ہوئی ساتویں عدد حروف میں آپ کا
نام اللہ کے نام کے موافق ہے آٹھویں حضرت آدم کی توبہ
آپ ہی کے نام کی بدولت قبول ہوئی نویں شیاطین حضرت
سلیمان کے مسخر آپ ہی کے نام کی برکت سے ہوئے دسویں حضرت
آدم نے اپنی کنیت ابی محمد آپ ہی کے نام پر رکھی ہے اور اولاد کی نام
کنز المدفون و الفلک المشحون۔ اور آل اولاد و اتباع کو کہتے ہیں جسمیں
اصحاب بھی داخل ہیں اور اسکی اصل اہل ہے بدلیل اہیل

کہ تصغیر اوست و تصغیر ردمی کند اشیا را بہ اصل وے
پس بدل کردہ شد ہا بہمزہ را و ہمزہ بقاعدۂ آمن الف را
هذا هو المختار عند البصريين اگر گوئی کہ ہا را
اولاً بہ ہمزہ بدل کردند بعدہ ہمزہ را بہ الف ابتداءً
چرا الف نہ ساختند گویم تا خلاف قیاس مطلق لازم
نیاید زیرا کہ قلب ہا را بالف ثابت نہ شدہ و قلب او
بہ ہمزہ ثابت است فالحمل على ما ثبت مثل اولى
كذا في الرضي و باید دانست کہ میان آل و اہل
فرق آن ست کہ آل دو تخصیص دارد اول این کہ
آل در اصل اہل بود پس لفظ را چون تغیر دادند از اصل
او معنی را نیز تغیر دادند از اصل او کہ عموم بود زیرا کہ
توفق ملایمت میان لفظ و معنی در وجہ تخصیص ثانی
آن کہ ہا از حروف ثقیل است زیرا کہ از اقصی حلق ست
وہر گاہ یا الف بدل کردہ شد کہ حرف خفیف است
نقصان قوی در کلمہ راہ یافت پس برائے جبر
نقصان مرتکب این تخصیص شدند و مراد درین جا
از آل رسول صلعم آنانند کہ آیہ تطہیر در شان ایشان
نازل شدہ است و در حق شان فرمودہ اهل بيتي
كسفينة نوح من تمسك بهم نجا و من تخلف
عنها هلك یا بنی ہاشم فقط یا بنی مطلب یا جمیع
قریش و بمعنی اتباع و اولیا نیز آمدہ چنانکہ در قاموس

جو اوسکی تصغیر ہے اور تصغیر شے کو اصل کیطرف پھیر دیتی ہے
ہے تو ہا ہمزہ سے اور ہمزہ بقاعدۂ آمن الف سے
بدل دیا گیا یہی بصرہ والون کے نزدیک ہے اگر کہا جاے
کہ ہا کو پہلے تو ہمزہ سے بدلا پھر ہمزہ کو الف سے تو پہلے
ہی کیون نہ الف کر دیا تو مین کہونگا تا کہ مطلقاً خلاف
قیاس لازم نہ آئے کیونکہ ہا کا الف سے بدلنا ثابت
نہین ہمزہ سے بدلنا البتہ ثابت ہے تو جو چیز ثابت
ہے وہی بہتر ہے ایسا ہی رضی مین ہے۔ اور آل و
اہل مین یہ فرق ہے کہ آل مین دو خصوصیتین ہین
اول یہ کہ آل اصل مین اہل تھا حسب لفظ کو اصل
سے بدلا تو بوجہ موافقت لفظی و معنوی اوس کے
اصلی معنے عموم بھی بدل دیے دوسرے یہ کہ ہا حروف
ثقیلہ سے ہے جس کا مخرج انتہاء حلق ہے جب الف
سے جو حرف خفیف ہے بدل دی گئی تو کلمہ مین
قوی نقصان ہوا لہذا جبر نقصان کے لیے یہ تخصیص
کر دی۔ آل سے وہ لوگ مراد ہین جن کی شان مین
آیۂ تطہیر نازل ہوئی اور آنحضرت صلعم نے اون کے متعلق
فرمایا کہ میرے اہل بیت کشتی نوح کی طرح ہین جس نے
اون کو پکڑا اوس نے نجات پائی اور جس نے چھوڑ دیا وہ
ہلاک ہوا۔ یا صرف بنی ہاشم یا بنی مطلب یا کل قریش
اور اتباع و اولیا کے معنے مین بھی آیا ہے قاموس

گفته آل الرجل اتباعه واولیاؤه ونیز دران گفته
آل رسوله اولیاءہ ودرحدیث شریف آمده که
از آنحضرت صلعم پرسیدند من آل محمد الذی
امرنا بحبهم واکرامهم فقال اهل الصفاء
والوفاء من آمن بی واخلص وطبرانی بسند
ضعیف برآورده آل محمد کل مؤمن تقی واحادیث
دیگر نیز بهمین مضمون وارد شده من سلك علی طریقتی
فهو آلی وکل مومن تقی فهو آلی پس برین تقدیر
لفظ آل اصحاب راهم شامل باشد ولهذا بعضے بر ذکر
آل اکتفا نمایند واصحاب را بعد آن ذکر نمی کنند وا گر
درین جا همین معنی مراد باشد پس ذکر اصحاب بعد
آل برائے تخصیص بعد تعمیم بغرض اظهار شان ایشان
خواهد بود واصحاب بفتح همزه وسکون صاد مهمله جمع
صاحب در لغت بمعنی یار چون ظاهر واظهار مشهور ست
ومحقق تفتازانی نیز همین در مطول گفته اما جوهری
گفته در صحاح که جمع فاعل بر وزن افعال در کلام
عرب ثابت نشده واصحاب جمع صحب بالفتح است
مثل فرح وافراح وصحب جمع صاحب وجمع اصحاب
اصاحب ومولوی عبدالرحیم صفی پوری در کتاب
غاية البيان گفته که افعال در جمع نحو جاهل وطاهر
وصاحب برمی آید ودرین جا بمعنی صحابی است

مین ہے کہ آل الرجل ۔ اوس کے تابعین اور دوست
اور آل رسول یعنی اولیاے رسول حدیث شریف
مین ہے کہ آنحضرت صلعم سے پوچھا گیا کہ آل محمد
کون لوگ ہین جن کی محبت و تعظیم کا ہم کو حکم دیا گیا
تو فرمایا کہ وہ اہل صفا و وفا جو مجھ پر ایمان لائے اور
مجھ سے خلوص رکھا اور طبرانی بسند ضعیف روایت
کرتے ہین کہ آل محمد ہر مسلمان پرہیزگار ہے نیز
اور احادیث بھی اسی مضمون کی آئی ہین کہ جو کوئی
میرے طریقے پر چلا وہ میری اولاد ہے پس اس
صورت مین لفظ آل اصحاب کو بھی شامل ہوگی۔
اس لیے بعض لوگ صرف آل ذکر کرتے ہین اصحاب
کو ذکر نہین کرتے اور اگر یہی مطلب یہان بھی ہو تو ذکر
اصحاب آل کے بعد تخصیص بعد تعمیم کے لیے اون کے اظہار
شان کی غرض سے ہوگا اور اصحاب بفتح ہمزہ وسکون
صاد مہملہ جمع صاحب لغۃً بمعنے دوست جیسے ظاہر و
اظہار محقق تفتازانی نے بھی مطول مین یہی لکھا مگر صحاح
جوہری مین ہے کہ جمع فاعل بروزن افعال کلام عرب
مین ثابت نہین صحب کی جمع اصحاب ہے جیسے فرح و
افراح اور صاحب کی جمع صحب اور اصحاب کی جمع
اصاحب ہے اور مولوی عبدالرحیم صفی پوری غاية البيان مین
لکھتے ہین کہ جاہل و طاہر صاحب ایسے الفاظ کی جمع افعال کے وزن پر

و در تعریفش اختلاف ست بعضی می گویند هو کل	جس کی تعریف مین اختلاف ہے بعض کہتے ہین کہ صحابی
مسلم رأی النبی صلعم فی الاسلام ولو ساعة	وہ مسلمان ہے جس نے آنحضرت صلعم کو دیکھا اور اسلام
او رآہ النبی صلعم و توفی علیہ و نزد بعضے من	پر وفات پائی ہو اور بعض کے نزدیک صحابی وہ ہے
ادرک صحبة النبی صلعم فی الاسلام ولو ساعة	جس نے آنحضرت صلعم کی صحبت بحالت اسلام پائی ہو
ومات بہ و نزد بعضے صحبت طویل معتبر است	اگرچہ ایک ہی گھڑی ہوا ور اوسی پر وفات پائی ہو اور
و بعضے روایت حدیث ہم شرط کردہ اند و خیریت	بعض کے نزدیک صحبت طویل معتبر ہے اور بعض کے
آں صفت شان است و ہمچنین حسن آں حال	نزدیک روایت حدیث بھی مشروط ہے اور خیریت
شان و خیریت آں از انکہ ایشان در دخول جنت	آں کی صفت اور حسن آں اون کا حال ہے کیونکہ وہ
از اولاد ہر نبی و امت او بہتر اند و نیز خیر از است	دخول جنت مین ہر نبی کی اولاد و امت سے بہتر
ہر نبی و اولاد او کما قال تعالے کنتم خیر	ہین اور یون بھی اون سے اچھے ہین چنانچہ اس
امة اخرجت للناس	آیت سے ثابت ہے کہ کنتم خیر امة اخرجت للناس

قولہ اعلم ان العقلاء من المتکلمین والحکماء قالوا ان الواجب تعالی علة موجدة للممکن وھؤلاء ھم الذین سماھم الشیخ ابن العربی فی الفص المحمدی باصحاب العلة فھو غیر الممکن ولیس الامر علیہ کما ستسمع انشاء اللہ ولذا وقع الدمغ واللذع بینھم

اقول بیان کہ بتحقیق عقلا از متکلمین و حکما گفتہ اند	عقلاء متکلمین و حکما کے نزدیک واجب تعالے
کہ واجب علت ایجاد کنندہ ممکن است و ایشان	ممکن کی علت موجبہ ہے اور فص محمدی
آن کسانند کہ نام نہادہ است ایشان را شیخ اکبر	فصوص الحکم مین حضرت شیخ اکبر نے انھین کو
در فص محمدی از فصوص الحکم باصحاب علت پس	اصحاب علت فرمایا ہے اس صورت مین
دریں صورت واجب غیر ممکن خواہد بود لتغایر العلة	واجب بوجہ تغایر علت و معلول غیر ممکن
والمعلول حالانکہ این نیست چنانکہ خواہی شنید	ہوگا حالانکہ ایسا نہین ہے جو انشاء اللہ تعالے
اگر خدائے غالب خواست و برای این واقع شد	آیندہ معلوم ہوگا اور اسی لیے باہم اون مین

باہم گزیدن وستیزیدن کہ کنایہ از ستیز بیجا است
اصل این کہ ممکنات را دو وجود اند بنظر وجودی
قدیم وبہ نظر دیگرے حادث واجب عین ممکن
بلحاظ اعتبار تعین امکان ہرگز نمی تواند شد واین
بدیہی است پس شیخ از مقام فنائے اعتبار سخن گفتہ
تفصیل این اجمال آنکہ واجب موضوع اسم ظاہر و
باطن است واین ہر دو بروے محمول اند و مقرر است کہ
وجود محمول عین موضوع می باشد پس وجود جمیع
محمولات بر شئ وجود واحد باشد کہ آن عین وجود
موضوع است ونیز محمول دیگرست و دران سخن
نیست پس قول او تعالی ھو الاول والآخر والظاھر
والباطن ناطق است کہ غیر حق ظاہر نیست ونیز
غیر او باطن نہ باشد وعین آنکہ ظاہر بران محمول است
عین آن عین است کہ باطن بران محمول است
مثلاً زید اسم ظاہر انسان ست کہ آن در ظاہر
ادراک کنند وحقیقت آن ناطق زید است کہ ہر کسے
بران واقف نہ شود وباہم این ہر دو فرقے نیست
مگر اعتباری ہمچنین وجود مطلق در کلام اکابر اہل اللہ
وتغایر احکام مطلق ومقید در خاطر ہیچ کسے رہ
نیافت ودر حقیقت آن احکام متغایر اند اگرچہ
مقید عین مطلق باشد ومطلق موجود شود بوجود مقید

جنگ ہوئی - اصل یہ ہے کہ ممکنات کے دو وجود
ہین ایک نظر سے قدیم اور ایک لحاظ سے حادث
واجب بلحاظ اعتبار تعین امکانی ہرگز عین ممکن
نہین ہوسکتا اور یہ بدیہی ہے تو حضرت شیخ نے مقام
فناء اعتبار سے بات کہی اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ
واجب اسم ظاہر وباطن کا موضوع ہے اور یہ دونون
اوس پر محمول ہین اور ثابت ہے کہ وجود محمول
عین موضوع ہوتا ہے تو تمام محمولات شئ کا وجود ایک
وجود ہوگا جو عین وجود موضوع ہے اور دوسرے
کا محمول بھی اور اس مین اعتراض نہین جناب باری
عز اسمہ کا ارشاد ھو الاول الخ اسپر ناطق ہے کہ اوس کے
سوا نہ کچھ ظاہر ہے نہ باطن جس ظاہر کی ذات اوس پر
محمول ہے وہ اوس ذات کی عین ہے جس پر باطن
محمول ہے مثلاً زید انسان کا ظاہری نام ہے جسے
بظاہر ادراک کرتے ہین اور حقیقت انسان ناطق زید
ہے جس سے ہر شخص واقف نہین ہوتا اور ان مین
صرف اعتباری فرق ہے اسی طرح اکابر اہل اللہ
کے کلام مین وجود مطلق ہے اور مطلق ومقید
کے احکام کا تغیر کسی کے خیال مین نہ آیا وہ احکام
حقیقتاً متغایر ہین اگرچہ مقید عین مطلق ہے اور
مطلق خود مقید کے وجود مین موجود ہوتا ہے

پس توان گفت کہ زید محتاج است بسوی مطلق
طعام نہ بسوے رغیف کہ در دست وے باشد
پس وجود مطلق وجود لابشرط شئے است و این
سخن در تحت احاطہ عقل و فکر نیست ۵

تو کہہ سکتے ہین کہ زید صرف کھانے کا محتاج ہے نہ
روٹی کا جو اوس کے ہاتھ مین ہے پس وجود مطلق
وجود لابشرط شئے ہے اور یہ بات احاطہ عقل و
فکر مین نہین آسکتی ۵

خود را ز قیود خویش اگر برہانی
دانیش نہ از دلائل برہانے

خود را ز قیود خویش اگر برہانی +
دانیش نہ از دلائل برہانی +

چو اگر خود را از خود برہانی کار تمام است تحقیق کلام
این کہ وجود مطلق مواد تعین خاص است و این
مصحح ست قول حق را وھو معکم اینما کنتم موجود با
ہر موجود است بلکہ عین ہر موجود و ہر امرے کہ موجود
بران محمول باشد آن در تحت حیطہ وجود مطلق است
و وجود مطلق محیط آن پس آن اللہ باشد نہ امر کہ
موجود بروے محمول شود و ازین جاست کہ زید
بر انسان محمول نہ شود و انسان بر حیوان محمول
نہ شود و حیوان بر جسم و جسم بر جوہر و جوہر بر جمیع جمیع
در تحت حیطہ جوہر است و نیز جسم بر حیوان محمول
شود کہ در تحت حیطہ حیوان است و در کل انسان
ناطق بیشک زید و عمر و بکر و امثال آن مراد است
از موضوع و این ہمہ در تحت حیطہ ناطق است
و معلوم شد کہ ساسعان از وجود حقیقی مقابل وجود
اضافی خواستند و از وجود مطلق مقابل وجود مقید

کیونکہ خودی چھوڑنے سے کام پورا ہوتا ہے تحقیق
کلام یہ ہے کہ وجود مطلق مواد تعین خاص ہے
اور آیت وھو معکم اینما کنتم کا مصحح ہر موجود
کے ساتھ موجود ہے بلکہ ہر موجود کا عین ہے اور
جو امر اوس موجود پر محمول ہے وہ وجود مطلق کے
احاطے مین ہے جس کا وہ محیط ہے تو وہ اللہ ہے نہ
وہ امر جس پر موجود محمول ہوتا ہے اسی لیے زید انسان
پر اور انسان حیوان پر اور حیوان جسم پر اور جسم
جوہر پر اور جوہر کل پر محمول ہوتا ہے اور کل احاطہ
جوہر مین ہے نیز جسم حیوان پر محمول ہوتا ہے جو
احاطہ حیوان مین ہے اور کل انسان ناطق
مین بیشک زید و عمر و بکر وغیرہ موضوع سے مراد
ہین اور یہ سب احاطہ ناطق مین ہین اور معلوم
ہوا کہ سامعین نے وجود حقیقی سے وجود اضافی
اور وجود مطلق سے وجود مقید کا مقابل سمجھا ہے

مثل وجود زید وآن وجود واقعی مقید است و وجود
زید مجازی نیست مگر نظر باضافت وجود مجازی
وہمچنین وجود زید را توان فہمید کہ مجاز است نظر
بہ اضافت آن بسوے زید واگرنہ ہمان وجود حقیقی ست
کہ مضاف است بسوی حق بر سبیل حقیقت ہمان
موجود است نزد سامعان بوجودے کہ عین آن
باشد وازین جاست کہ شیخ در فص آدمی می فرماید کہ
فالامر کلہ منہ وابتداؤہ وانتہاؤہ من اللہ
والیہ یرجع الامر کلہ وازین جا دانستہ می شود
کہ بطور شیخ ہر مقید عین مطلق است والیہ
ذھب الماتن وقال الشیخ فی الفص الادریسی
ومن اسمائہ الحسنے العلی علی من وما ثمہ
الا ھو فھو العلی لذاتہ او عما ذا وما ھو الا ھو
فعلوہ لنفسہ وھو من حیث الوجود عین
الموجودات فالمسمی محدثات ھی العلیۃ لذاتہا
ولیست الا ھو فھو العلی لا علو اضافۃ لان
الاعیان التی لہا العدم الثابتۃ فیہ ما شمت
رائحۃ من الوجود انتہی شیخ فریدالدین عطار
در منطق الطیر بطبق قول حق وکان عرشہ
علی الماء گفتہ سے عرش بر آب ست و آب اندر ہوا
بگذر از آب و ہوا جملہ خدا ست

مثلاً وجود زید وجود واقعی مقید ہے اور وجود زید بنظر اضافت
وجود مجازی مجاز ہے ورنہ وہی وجود حقیقی ہے جو
حقیقتاً حق کی طرف مضاف ہے اور وہی سامعین
کے نزدیک اوس وجود سے موجود ہے جس کا وہ عین
ہے اور اسی لیے حضرت شیخ اکبر فص آدمی مین فرماتے
ہین کہ تمام امور وجود عالم اوسی سے ہین اور اوسی سے
اون کی ابتدا وانتہا ہے اور اوسی کی طرف تمام امور
رجوع کرین گے اور یہین سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر مقید
عین مطلق ہے اور یہی مصنف کا بھی مذہب ہے
اور حضرت شیخ اکبر نے فص ادریسی مین کہا کہ اوس کے
اسماے حسنے سے علی ہے یعنی کسی پر بلندی رکھنے والا
حالانکہ یہان اوس کے سوا کوئی نہین ہے تو وہ بلند
بذاتہ ہے یا کسی چیز سے بلند اور کوئی چیز اوس کے سوا
ہے نہین تو اوس کی بلندی بذاتہ ہے اور وہ خود بہ حیثیت
وجود عین موجودات ہے تو محدثات بلند مرتبہ ہین
بذاتہ اور وہ محدثات نہین ہین مگر حق تو حق علی ہے
اور اوس کا علو اضافی نہین ہے اس لیے کہ اعیان
کے لیے عدم ہے جس مین وہ ثابت ہین اونھون نے
وجود کی کوئی بو نہین سونگھی انتہی حضرت شیخ عطار نے
منطق الطیر مین مطابق آیت وکان عرشہ علی الماء
کہا کہ سے عرش بر آب است و آب اندر ہوا بگذر الخ

عرش و عالم جملہ ظلے بیش نیست
اوست بس این جملہ اسمے بیش نیست
وجاگونہ عالم را وجود او وہم وخیال باشد کہ در
اخبار صحیح وجود عالم ثابت گشت فرمود حق تعالے

وما خلقنا السموات والارض وما بینھما
باطلا ذلک ظن الذین کفروا فویل للذین
کفروا من النار وکفرہ آن را باطل بمعنی غیر حق
می گویند نہ بمعنی غیر منوط بہ حکمت سہ

چون محمد پاک بود از نار و دود
ہر کجا رو کرد وجہ اللہ بود

یعنی لون نار غفیلت و دود غیریت و شیخ ابو القاسم
جنید بغدادی بہ ہمین اشارت می کند در قول خود
لون الماء لون انائہ کہ آب نظر بذات منزہ است
از لون خاص نیز او صریح تر این ست انچہ کہ شیخ
در باب ہفتاد و دوم از فتوحات می گوید انہ
تعالی ھو الظاھر ونحن علی اصلنا من العدم
وان کنا اعطینا باستعدادنا فی اعیاننا الخ
و در فص دیگر میفرماید ان الحق المنزہ ھو الحق
المشبہ و در احوال واسطی کہ امام اہل توحید است
مذکور است کہ او می گوید کہ من واو۔ واو و من و
کردار من پاداش او و دعای من استجابت او

عرش و عالم جملہ ظلے بیش نیست
اوست بس۔ این جملہ اسمے بیش نیست
عالم کا وجود وہمی وخیالی کیسے ہو سکتا ہے اخبار صحیح
سے وجود عالم ثابت ہے حق تعالے فرماتا ہے
وما خلقنا السموات والارض وما بینھما
باطلا ذلک ظن الذین کفروا فویل للذین
کفروا من النار اور کفار اسی باطل بمعنی غیر حق
کہتے ہین نہ بمعنی غیر منوط بہ حکمت سہ

چون محمد پاک بود از نار و دود
ہر کجا رو کرد وجہ اللہ بود

یعنی آتش دوئی و دود غیریت سے صاف تھے
حضرت شیخ جنید بغدادی لون الماء لون انائہ
سے اسی طرف اشارہ فرماتے ہین کیونکہ پانی بذات
خاص رنگ سے مبرا ہے اور اس سے زیادہ صاف
صریح حضرت شیخ اکبر باب بہتر فتوحات مکیہ مین
لکھتے ہین کہ اللہ تعالے ظاہر ہے اور ہم اپنے عدم
اصلی پر ہین اگرچہ وجود ہم کو حسب استعداد اپنے
اعیان کے عطا کیا گیا ہے اور دوسرے فص مین فرماتے ہین کہ حق
منزہ ہی خلق مشتبہ ہے شیخ واسطی امام توحید کے حال
مین ہے وہ کہتے تھے کہ وہ ہے اور مین اور مین ہون اور وہ
میرا عمل ہے اور اوسکی جزا میری دعا ہے اور اوسکی قبولیت

در فص اسمعیلی ست که ما فی الوجود ضد فان

الوجود حقیقة واحدة والشیء لا یضاد نفسه
در فواتح است که میر سید شریف گوید که متکلم و صوفی
مناظره کردند متکلم گفت بیزارم از خدائی که در سگ و
گربه ظهور کند صوفی گفت بیزارم ازان خدائی که
در سگ و گربه ظهور نه کند حاضران مجلس جزم کردند
که یکی ازان دو کافر شد کاملی گفت که متکلم کمال
حق دران می بیند که در اندیشه وی است و صوفی
کمال حق تعالی دران می بیند که در کشف و شهود
وی است انتهی کاتب الحروف گوید که مقتضای
مقام هیچ عارف همین است که غیر در نظر نماند
و فی الحقیقت دوست اگر به کسوت دشمن بر آید و
دشمنی گرفتن فرماید عارف محقق را تا گردن است موافقت
بحکم او گرفتن نه فرموده او را نه پذیرفتن محقق نبود
اگرچه مشاهد باشد و مدقق نه بود اگرچه مکاشف
باشد مصرع زچون و چرا دم که بندهٔ مقبل
قبول کرد بجان هر سخن که جانان گفت ÷
و باید که بداند که حق واحد حقیقی است نه واحد عددی
که در واحد عددی چندانکه افراد عدد زیاده شود
بقدر آن معدود نیز زیاده شود و در واحد حقیقی چندانکه
اعداد تعینات اعتباریه زیاده شوند آن کمال

فص اسمعیلی میں ہے کہ وجود میں ضد نہیں ہے اس لیے

کہ وجود ایک حقیقت ہے اور شے اپنی آپ ضد نہیں
ہوتی فواتح میں ہے کہ میر سید شریف کہتے تھے کہ متکلم
اور صوفی نے مناظرہ کیا متکلم نے کہا کہ میں اوس خدا سے
بیزار ہوں جو کتے اور بلی میں ظہور کرے صوفی نے کہا کہ
میں اوس خدا سے بیزار ہوں جو کتے اور بلی میں ظہور نہ کرے
حاضرین مجلس کو خیال ہوا کہ انمیں سے ایک نہ ایک کافر
ہوا۔ ایک کامل نے کہا کہ متکلم کمال حق اوسی میں دیکھتا ہے
جو اوسکے خیال میں ہے اور صوفی کمال حق اوسمیں دیکھتا ہے
جو اوسکے کشف و شہود میں ہو انتہی میرے نزدیک ایسے
عارف کا مقتضائے مقام یہی ہے کہ اوسکی نظر میں
کوئی غیر نہ رہے اور واقعی اگر دوست دشمن کی لباس
میں ظاہر ہو کر دشمنی اختیار کرنے کو فرمائے تو عارف
محقق کے لیے اوسکا حکم ماننا اور اوسکی موافقت ضروری
ہوگی ورنہ محقق و مدقق نہوگا اگرچہ شاہد و مکاشف ہو
مصرع زچون و چرا دم الخ اور اوسے جاننا چاہیے
کہ حق تعالی یکتائے حقیقی ہے یکتائے عددی نہیں
کیونکہ واحد عددی میں جس قدر افراد عدد زیادہ ہوتے
ہیں اوسی قدر معدود بھی زیادہ ہوتا ہے بخلاف
واحد حقیقی کے کہ اوسمیں چاہے جس قدر اعداد تعینات
اعتباری وجود واحد حقیقی کا کمال سے زائد ہو جائیں

واحد حقیقی باشد معدود و زیادہ نشود و ہمان یکے
ماند ع وجود اندر کمال خویش ساریست +
تعینہا امور اعتباریست + امور اعتباری نیست
موجود + عدد بسیار و یک چیز است معدود +
و بدین سبب واحد حقیقی را با شرع شریف ہیچ
تعارضے نیست وانچہ از تعارض شکوک و شبہات
صادر شود ہمہ در واحد عددیست فاماکسیکہ
مغلوب الحال گشتہ باشد و از ضبط حفظ مراتب
فرو افتادہ مضطر و معذور باشد لیکن شریعت معذورش
نمی دارد و بر دار سیاست ہمی کشد و طریقت بزبان
نصیحت با اوی گوید ع
زنہار مگوے بر سر جمع + در عاشق صادقی تو اسرار +
دیدی کہ ز بسکہ عشق رمزے + حلاج بگفت و رفت بردار +
مگر علما را تحقیق ہیچ این نمی رسد مغلوب الحالش
باید دانست اگر صادق الحال باشد در حال مولانا
رومی مرقوم است کہ جماعتے از منکران بعد ادراک
غلوے توحید گفتند کہ اگر شیخ موحد است ما می رویم
و دشنامہا اورا می دہیم می بینیم کہ چہ میگوید اگر مانع
شد خواہیم دانست کہ توحیدش صرف قال است
بالجملہ رفتند و مولانا را بر منبر وعظ گویان یافتند
پس دشنامہا دادند مولانا فرمود کہ این ہم اوست

مگر معدود زیادہ نہین ہوتا ایک ہی رہتا ہے ع
وجود اندر کمال خویش ساری ست + تعینہا
امور اعتباری ست + امور اعتباری نیست موجود
عدد بسیار و یک چیز است معدود +
اسی لیے واحد حقیقی سے شرع شریف کو کچھ
تعارض نہین تمام شکوک و شبہات واحد عددی
ہی مین پیدا ہوتے ہین مگر جو شخص مغلوب الحال
ہو گیا ہو اور ضبط حفظ مراتب اوس سے نہ ہو سکے
وہ اگرچہ مضطر و معذور ہو مگر شرع معذور
نہین سمجھتی سیاست کرتی ہے اور طریقت اوسے
یون نصیحت کرتی ہے کہ ع
زنہار مگوے بر سر جمع + در عاشق صادقی تو اسرار +
دیدی کہ ز بس کہ عشق رمزے + حلاج بگفت و رفت بردار +
مگر علما کو ایسے لوگون کی ذلت نہ کرنا چاہیے اگر سچا ہو
تو مغلوب الحال سمجھنا چاہیے مولانا ے روم کے
حال مین ہے کہ ایک گروہ منکرین نے جب اون کا
غلوے توحید دیکھا تو کہا کہ اگر شیخ موحد ہے تو ہم
جا کر اوسے گالیان دیکر دیکھین گے کہ کیا کہتا ہے اگر
کچھ بھی اثر لیا تو سمجھین گے کہ صرف زبانی توحید ہے
غرض کہ گئے اور آپ کو منبر پر وعظ کہتے دیکھکر
گالیان دین مولانا نے فرمایا کہ یہ بھی وہی ہے

ایشان خائب وخاسر گشتند نہ ہمچو موحدین این
زمانہ کہ واقعی در الحاد وزندقہ ایشان شک نیست و
ازین بیانم گمان نہ کنی کہ چون جملہ اشیا محاط حق و
مظاہر اویند باطل نتوان گفت ویتفکرون فی
خلق السموات والارض ربنا ما خلقت ھذا
باطلا- وفی الحدیث ان اصدق قول قالتہ
العرب قول لبید الا کل شئ ما خلا اللہ باطل
وچون اشیا مظاہر حق بوند بطلان درو نماند جاء الحق
وزھق الباطل وضلالت با حق جمع نہ شود
زیرا کہ ضلالت بعد از حق می باشد کما فی قولہ تعالی
فماذا بعد الحق الا الضلال ودفع این وسوسہ
بدین نمط است کہ اشیا را دو اعتبار اند یکی من حیث المعنی
و آن عبارت است از قیام اشیا بہ قیومی حق وظہور
آن بدو واین اعتبار باطل نیست چنانکہ شیخ ابو سعید
خرازی فرماید ؎

چون بعض ظہورات حق آمد باطل
پس منکر باطل نہ شود جز جاہل

واعتبار دوم من حیث الصورت است وازین اعتبار
اشیا را در شرع حادث وممکن باطل می گویند
وجمیع عیوب ونقائص راجع بہ اشیا ہم ازین اعتبارات
وتکلیف وثواب وعقاب ہمہ مبنی بر صورت اشیا است

وہ سب اپنی حرکت سے پشیمان ہوئے نہ اس زمانے
کے موحدین کی طرح جن کے الحاد وزندقہ
مین شک نہین میرے اس بیان سے یہ نہ سمجھنا چاہیے
کہ جب کل چیزین محاط ومظاہر حق ہین تو باطل
نہ کہنا چاہیے ویتفکرون فی خلق السموات الخ
حدیث مین ہے کہ اہل عرب مین سب سے سچا قول
لبید ہے کہ ہر چیز اسکے سوا باطل ہے اور جب اشیا
مظاہر حق ہوئے تو اون مین بطلان نہ رہا حق
آیا اور باطل گیا ضلالت حق کے ساتھ جمع نہین
ہوتی کیونکہ ضلالت حق سے بعد ہے چنانچہ
حق تعالے فرماتا ہے کہ حق کے بعد گمراہی کے سوا
کیا ہے اور یہ وسوسہ یون دفع ہوتا ہے کہ اشیاء
کے دو اعتبار ہین ایک بحیثیت معنی یعنی حق کی
قیومیت سے اشیاء کا قیام اور اوسی سے
اوس کا ظہور اور یہ اعتبار باطل نہین ہے حضرت شیخ
ابو سعید خراز فرماتے ہین کہ ؎ چون بعض الخ
اور دوسرا اعتبار بحیثیت صورت ہے اس
اعتبار سے اشیا کو شرعا حادث وممکن وباطل
کہتے ہین- اشیا ہین تمام نقائص وعیوب
بھی اسی اعتبار سے ہین اور ثواب و
عذاب اوسی پر مبنی ہین —

ازین جا حکیم سنائی گفت ؎

چار چیز آوردہ ام حقا کہ در گنج تو نیست

نیستی و حاجت و فقر و گناہ آوردہ ام

اکنون باعتبار صورت ہر چہ موافق شرع یابی
آن را قائم از حق دان و آن را حق و مرضی نام نہ
و صورت و معنی او را قبول کن و ہدایت انکار ہر چہ
مخالف شرع بود اگر چہ آن را قائم از حق میدانی
لیکن ضلالت آن کار و صورت او را منکر باش۔

فائدہ نفیسہ بدانکہ انچہ در اقوال صوفیہ آمدہ است
کہ الصوفی لا مذہب لہ معنی اش این کہ صوفیان
چنانکہ مذہب دارند مشرب نیز دارند و مشرب متولد
از مذہب است و بعض عمل کہ بحکم مشرب می کنند موافق
مذہب نمی افتد چنانکہ مثلاً وقت استوا تجدید وضو کنند
و دوگانہ تحیۃ الوضو بگذارند اگر چہ بحکم مذہب وقت
مکروہ است اما بحسب مشرب درست و چون اعمال
ایشان درچنین جاہا موافق مذہب نیست ازانجا
گفتہ اند الصوفی لا مذہب لہ و ایشان مذہب را
اصلا فرو نگذاشتہ اند مخدوم شیخ شہاب الدین شافعی
مذہب داشتند و مخدوم شیخ بہاء الدین حنفی مذہب
چون بیعت با شیخ شہاب الدین کردند شیخ بہاء الدین
عرض کردند کہ اگر اجازت باشد فقیر از حنفی مذہب برگردد

حکیم سنائی کہتے ہین کہ ؎

چار چیز آوردہ ام حقا کہ در گنج تو نیست

نیستی و حاجت و فقر و گناہ آوردہ ام

باعتبار صورت جو کچھ موافق شرع ہو اوسے حق
سے قائم جانو اور اوسے حق و مرضی سمجھ کر اوس کی
صورت و معنی کو قبول کرو اور جو کچھ خلاف شرع
ہو اگر چہ اوس کو حق سے قائم جانتے ہو لیکن ضلالت
سمجھو اور اوس کی صورت کے منکر رہو۔

فائدہ نفیسہ منجملہ اقوال صوفیہ الصوفی لا مذہب لہ
ہے جس کے معنے یہ ہین کہ صوفیہ کا مذہب کی طرح
مشرب بھی ہوتا ہے جو مذہب ہی سے پیدا ہوتا
ہے اور اون کے بعض اعمال بحکم مشرب ہوتے ہین
جو موافق مذہب نہین ہوتے مثلاً دوپہر کے وقت وضو
کر کے دوگانہ تحیۃ الوضو پڑھنا اگر چہ بحکم مذہب مکروہ
ہے مگر بحسب مشرب درست ہے چونکہ اون کے
اعمال ایسے موقع پر موافق مذہب نہین ہوتے اس لیے
کہتے ہین کہ صوفی کا کوئی مذہب نہین اور ان لوگون نے
مذہب کو ہرگز نہین چھوڑا ہے حضرت شیخ شہاب الدین
سہروردی شافعی تھے اور حضرت شیخ بہاء الدین زکریا
ملتانی حنفی جب انھون نے حضرت شیخ سہروردی سے
بیعت کی تو عرض کیا کہ اگر آپ فرمائین

و بہ مذہب شافعی در آیلا و شان منع کردند کہ شما بر مذہب
خود باشید کہ ہر چار مذہب بر حق و بر صواب اند
و نہ گفتند کہ شما را بہ مذہب چہ احتیاج و از مذہب چہ
زاید بہ مشرب خود کار کنید حق این است کہ ہر مذہبے
مشتمل است بر جملہ احکام کہ در کتاب و سنت و
اجماع است و ہر مذہب احوال و مقامات را وسیلہ
فتح باب است و صوفیان را بطفیل مذہب چندان
ابواب انوار تجلیات و اسرار احوال و مقامات کشادہ
شدہ است کہ در متابعت آن مذہب لکھ در لکھ اولیاے
کمل گشتند و صدیقان و مقربان و قطب و غوث
شدند و بہ مقام مثلھم کمثل الانبیاء ترقی کردند
پس مذہبے کہ در متابعت آن چندین مردان بدین
درجات رسیدہ اند بران مذہب مظنہ خطا بردن
خطاے محض است و آنچہ صوفیہ گویند استر ذہبک
و ذہابک و مذہبک معنی اش این کہ ذہاب و
مذہب خود را ہمچو ذہب از چشم مردمان بپوش و
مفروش کہ خود نمائی باشد و از چشم خود بپوش و گرنہ خود بینی بود

میں بھی شافعی ہو جاؤں اونھوں نے منع کیا فرمایا
کہ اپنے مذہب پر رہو کیونکہ چاروں مذہب برحق
ہیں یہ نہ فرمایا کہ تم کو مذہب کی کیا ضرورت اپنے
مشرب پر کام کرو حق یہ ہے کہ ہر مذہب تمام احکام
کتاب و سنت و اجماع پر شامل اور احوال و مقامات
حاصل ہونے کا وسیلہ ہے حضرات صوفیہ پر بطفیل
مذہب اس قدر ابواب انوار تجلیات و اسرار احوال و مقامات
منکشف ہوے ہیں جو بیان نہیں ہو سکتے اور اسی
مذہب کی متابعت سے لاکھوں اولیاے کامل اور
صدیقین و مقربین و غوث و قطب ہوے اور مثلھم
کمثل الانبیاء کے مقام پر پہونچے تو جس مذہب کی
متابعت میں اس قدر لوگ ایسے مراتب پر فائز ہوے
ہوں اوس پر گمان خطا خطاے محض ہے اور حضرات
صوفیہ کے ارشاد استر ذہبک و ذہابک و مذہبک
کے یہ معنے ہیں کہ اپنے سفر و مذہب کو سونے کی طرح
لوگوں سے چھپاؤ اور ظاہر مت کرو کہ خود نمائی ہے
اور خود بھی نہ دیکھو ورنہ خود بینی ہوگی۔

قوله فقالوا بداهة افتقار الممكن الى الواجب نعم انه بديهي لكن ليس الممكن
غير الواجب تعالى يعني افتقاره اليه كافتقار الحباب الى الماء فهو حقيقة الحقائق
فكل ممكن موجود عين حقيقته اذا يحمل عليه وهي عين حقيقة الحقائق لذا يحمل عليها كما يحمل
الجوهر على الانسان مثلا فلولاها لما كانت حقيقة من الحقائق فما كان موجودا من الموجودات

اقول پس گفتند متکلمین ببداہت افتقار ممکن بواجب
لوآ سے این افتقار بدیہی است لیکن ممکن غیر واجب
نیست یعنی احتیاج ممکن بسوے واجب چون افتقار
حباب است بہ آب پس واجب حقیقة الحقایق است
و ہر ممکن موجود عین آن حقیقت است و برائے این
حمل کردہ می شود حقیقت بر ممکن و آن حقیقة الحقایق
است چنانکہ حمل کردہ می شود جوہر بر انسان اگر
نمی بود آن حقیقة الحقائق نمی شد فردے از موجودات
و این ظاہر است کہ چیزے را سوائے آن مبدء
وجود می نیست عالم ہمہ سراب است چنانچہ در حس
ظاہر ظاہر می شود موجود نیست بلکہ بہ حقیقت موجود
دیگر است کہ باین صورت در حس می نماید بواسطہ
عدم تعلق حس بذات آن موجود چنانچہ اوست پس
سراب از حیثیت سرابی موجود حقیقی نیست اگرچہ
در حس می نماید اعیان عالم نیز از حیثیت ذوات
ایشان موجود نیستند اگرچہ در حس موجود می نمایند
و ہمچنین حباب کہ در حس غیر آب می نماید از ان حیثیت
وجود ندارد و چون نزد این طائفہ مقرر است کہ بقا
صفتے مخصوص بہ حضرت حق است چنانکہ شیخ ابوالحسن
اشعری آن را صفت ثامن از صفات ثمانیہ داشتہ
و بقائے کہ نیز در ممکنات می نماید نزد محققین تجدد امثال

یعنی متکلمین ممکن کے بدیہی محتاج بواجب ہونے کے
قائل ہین اور واقعی یہ احتیاج بدیہی ہے مگر ممکن غیر
واجب نہین یعنی ممکن واجب کا ایسا محتاج ہے
جیسے حباب پانی کا پس واجب الوجود حقیقة الحقائق ہے
اور ہر ممکن الوجود اوسکا عین ہے اسی لیے ممکن پر حقیقت
حمل کی جاتی ہے یعنی حقیقة الحقائق جس طرح انسان
پر جوہر حمل کیا جاتا ہے اگر حقیقة الحقائق نہوتی تو موجودات
کا کوئی فرد نہ ہوتا اور یہ ظاہر ہے کہ اوسکے سوا کچھ موجود
نہین عالم مثل سراب ہے جیسا دیکھنے مین معلوم ہوتا
ہے ویسا نہین ہے بلکہ حقیقتاً موجود اور ہی چیز ہے جو
اس صورت مین محسوس ہوتی ہے اس لیے کہ اوس ذات
موجود سے حس کا کوئی تعلق نہین پس جس طرح سراب
بحیثیت سراب موجود حقیقی نہین ہے اگرچہ محسوس معلوم ہوتی
ہے اسیطرح اعیان عالم بھی ذاتاً موجود نہین اگرچہ حساً
موجود معلوم ہوتے ہین اور اسی طرح حباب
بھی جو پانی سے علیحدہ دکھائی دیتا ہے موجود نہین
اور چونکہ اس گروہ کے نزدیک مقرر ہے کہ صفت
بقا خدا سے مخصوص ہے چنانچہ حضرت شیخ
ابوالحسن اشعری نے اوسے نو صفتون مین سے
آٹھوین صفت مانی ہے اور یہ بقاء ممکنات
محققین کے نزدیک اون کا تجدد امثال ہے

این ممکنات است وبیش ماتر بدیہ اعتبار محض وفیض محض آن مبدا است کہ موجود حقیقی است ؎

اور ماتر بدیہ کے نزدیک یہ مبدا یعنی موجود حقیقی کا اعتبار وفیض محض ہے۔

گلی خوشبوے درحمام روزے	رسید از دست محبوبی بدستم	بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری	کہ از بوی دلاویز تو مستم
بگفتا من گلی ناچیز بودم	ولیکن مدتی با گل نشستم	جمال ہمنشین درمن اثر کرد	وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم

وشعر این مضمون آیہ کریمہ است وتری الجبال تحسبہا جامدۃ وھی تمر مر السحاب صنع اللہ الذی اتقن کل شئ پس تشبیہ آن بحبابے کہ بر روے سیل باشد مناسب افتد وچون ترائی کثرات عالم بواسطہ تنزل نفس از عالی تجرد ذاتی ست یا عرضی کہ تعلقات جسمانی وغواشی ہیولانی اند درین معنی نظر بہ فطرت ذاتی او بمنزلہ خوابیست چنانچہ الناس نیام فاذا ماتوا انتبھوا موضح آن ست وتیقظ از منام یا بہ موت طبعی است یا ارادی کہ مضمون موتوا قبل ان تموتوا دال بران ست پس اگر باحد المؤتین نفس را ازین خواب گران تنبیہ حاصل گردد وچشم خیال وخواب بستہ شود وبفطرت ذاتی خود باز گردد کثرات در نظر او ننماید ونیز دلیل عقلی پیش کاتب الحروف برین دعوے آن ست کہ ممکن در ذات خود موجود بلکہ ہیچ نیست وواجب بوجودیکہ عین ذات است موجود است وہر یک از وجہی غیر آن دیگرے ست پس ہست عدم نما است

اور اسی مضمون کی مشعر یہ آیت ہے کہ وتری الجبال الخ لہذا اوس کی تشبیہ اوس حباب سے جو بہاؤ پر ہو مناسب ہے اور چونکہ کثرات عالم کی نمایش بواسطہ تنزل نفس کے تجرد عالی ہو ذاتی ہے یا عرضی کہ جو تعلقات جسمانی وحجابات ہیولانی ہین لہذا بنظر اوس کی فطرت ذاتی کے وہ خواب کی طرح ہے چنانچہ الناس نیام الخ سے ظاہر ہوتا ہے اور خواب سے بیداری یا تو موت طبعی سے ہوتی ہے یا موت ارادی سے جس پر مضمون موتوا قبل ان تموتوا دلالت کرتا ہے اگر بوجہ کسی موت کے نفس اس گہری نیند سے بیدار ہو جاوے اور اپنی فطرت ذاتی پر واپس جاوے تو پھر اوس کی نظر مین کثرت نہ رہے گی میرے نزدیک اس دعوے پر دلیل عقلی یہ ہے کہ ممکن بذاتہ کچھ بھی نہیں ہے اور واجب اوس وجود سے جو عین ذات ہے موجود ہے اور ہر ایک ایک وجہ سے دوسرے کا غیر ہے تو ہست عدم نما ہے

زیرا کہ ممکن کہ در ذات خود معدوم است و بحق ظاہر شدہ و عدم حق نما است زیرا کہ بواسطۂ عینیت حق موجود نما است و در تحت این معنی دیگر ست کما لا یخفی

کیونکہ ممکن بذاتہ معدوم اور حق سے ظاہر ہے اور عدم حق نما ہے کیونکہ بذریعۂ عینیت حق موجود نما ہے اس میں ایک اور معنے بھی ہیں جو مخفی نہیں ہیں

قولہ کما قال الشیخ ابن العربی کان اللہ ولم یکن معہ شیٔ ولولاہ ولولانا لما کان الذی کان فاسمہ الباطن حقیقۃ الانسان واسمہ الظاہر افراد الانسان مثلا

اقول چنانکہ گفتہ است شیخ محی الدین ابن عربی کہ بود خدا و نہ بود با او شیٔ بلکہ او اکنون بر آنست کہ بود و اگر نمی بود او نمی بودیم ما ہر آئینہ نمی بود آنچہ کہ ہست لاجرم اسم باطن واجب حقیقت انسان است و اسم ظاہر ش افراد انسان ای اجمال و تفصیلش اجمال و تفصیل این ست ویقرب من ہذا المعنی فحوی ہذہ الرباعیۃ ؎

یعنی حضرت شیخ اکبر نے فرمایا کہ خدا تھا اور کچھ نہ تھا بلکہ اب بھی وہ ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا اگر وہ نہ ہوتا ہم بھی نہ ہوتے اور یہ سب کچھ بھی نہ ہوتا لہذا اسم باطن واجب حقیقت انسان ہے اور اسم ظاہر واجب افراد انسان یعنی اوس کی تفصیل و اجمال اس کی تفصیل و اجمال ہے۔ اور تقریباً اس رباعی کا بھی یہی مطلب ہے کہ ؎

ای عشق تو ئی ہست نمانے کہ نہ
دل در طلبت کون و مکان مے گردد
ہر لحظہ بصورتے بر آئی کہ نہ
آخر تو کجائی و کجا ئے کہ نہ

وحقیقت عشق میل باتحاد است باوجہ اتحاد وحقیقت شوق میل باتحاد است با فقد اتحاد لہذا الم کہ لازم تفرق است در صورت شوق لازم نیست بخلاف عشق کہ بدون الم می تواند بود چنانچہ عشق مقربان ملاء اعلی پس عشق و شوق از خواص فطرت انسانی است چہ در نشاء عقول فقد نیست بلکہ دوام مشاہدہ است پس شوق در ایشان مفقود باشد ؎

حقیقت عشق سے مراد میلان بہ اتحاد باوجود اتحاد ہے اور حقیقت شوق سے مراد میلان بہ اتحاد در صورت عدم اتحاد ہے لہذا الم جو لازمہ فراق ہے شوق میں لازمی ہے بخلاف عشق کے جو بلا الم ہو سکتا ہے جیسے فرشتگان مقرب کا عشق تو عشق و شوق خواص فطرت انسانی سے ہے کیونکہ خلقت عقول میں فقد نہیں ہے بلکہ دوام مشاہدہ ہے لہذا شوق وہاں نہیں ہے

قدسیان را عشق ہست و درد نیست

درد را جز آدمی درخورد نیست

و چون لذت عاشقی درالم است چہ عاشقی بالذات مقتضی فنا و ناکامیست پس کمال عشق و لذت آن نیز در مرتبہ نفوس باشد نہ در نشاء عقول بلکہ چون عشق در مرتبہ عقول امرے فطریست بواسطہ دوام مشاہدہ و عدم فقدان پس عاشق از عشق ہم بے خبر باشد و ایشان را ادراک ادراک نباشد چہ تظہر الاشیاء باضدادہا و ایشان از علم بضد نصیبے ندارند

نازپروردہ تنعم نبرد راہ بدوست

عاشقی شیوۂ رندان بلاکش باشد

پس اگر بدین اعتبار ہر یکے از عاشقی و مشتاقی را مخصوص بانسان دانند مستبعد نباشد اگر سوال کنند کہ اصل مراتب عشق عشق ذات احدیت است خود را و دران مرتبہ اصلا فقد نیست پس لازم می آید کہ آن عشق اکمل نباشد جواب آن ست کہ دران مرتبہ عشق و عاشق و معشوق بصورت امتیازی ظاہر نیست بلکہ ہر سہ یکیست و سخن در عشقے است کہ در مرتبہ امتیاز باشد و سابقا معلوم شد کہ قوام عالم بانسان ست چنانچہ مضمون حدیث لا تقوم الساعۃ نیز مشعر بران ست بلکہ احادیث و آیات مشعر بمعاد نیز متضمن آن ست کہ

قدسیان را عشق الخ اور چونکہ لذت عاشقی الم ہی مین ہے کیونکہ عاشقی بذاتہ ناکامی و فنا کی مقتضی ہے لہذا کمال عشق اور اوس کی لذت بھی نفوس ہی کے لیے ہوگی نہ عقول کے لیے چونکہ عشق بواسطۂ دوام مشاہدہ و عدم فقدان عقول کے لیے فطری امر ہے لہذا عاشق عشق سے بھی بے خبر ہوتا ہے اور انھین ادراک کا ادراک نہین ہوتا کیونکہ اشیاء اپنی ضد سے ظاہر ہوتی ہین اور وہ علم ضد سے محروم ہین سہ نازپروردہ تنعم الخ اس اعتبار سے اگر عاشقی و مشتاقی کو انسان سے مخصوص سمجھین تو بعید نہین اگر یہ سوال کیا جاے کہ اصل مراتب عشق خود ذات احدیت کا عشق ہے جس مین بالکل فقدان نہین تو لازم آوے گا کہ وہ بھی عشق کامل نہ ہو۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اوس مرتبے مین عشق و عاشق و معشوق بصورت امتیازی ظاہر نہین اور یہان عشق امتیازی کی گفتگو ہے اور پہلے معلوم ہو چکا کہ قیام عالم انسان ہی سے ہے جس کی مشعر حدیث لا تقوم الساعۃ ہے بلکہ آیات و احادیث مشعر معاد بھی اسی کے متضمن ہین کہ

متن	ترجمہ
قوام ہر دو عالم بہ نشاء انسانیست و زوال را بہ حقیقت	کونین کا قیام وجود انسانی ہی سے ہے جس کی
او راہ نیست ملا جلال دوانی گوید ؎	حقیقت کا زوال ممکن نہین ملا جلال دوانی کہتی ہین کہ
ہستی است کہ در نیست کند جلوہ مدام	زان ہستی و نیستی است عالم بہ نظام
اشیا است در و محو و بہ او موجود اند	آن یک صفت جلال و آن یک اکرام
قال الشیخ ابن العربی اعلم ان الاسماء الالھیة	حضرت شیخ اکبر فرماتے ہین کہ اسماے حسنے الٰہیہ بذاتہ
الحسنی تطلب بذواتھا وجود العالم فاوجد	عالم کا وجود چاہتے تھے لہذا اللہ نے عالم کو جسم معتدل
اللہ العالم وجود شبح مسوی لا روح فیہ	کی طرح بنایا جس مین روح نہ تھی اور اوس کی روح
جعل روحہ ادم واعنی بادم وجود العالم	آدم یعنی انسان کو بنایا اور اوسے تمام اسماء
الانسانی وعلمہ الاسماء کلھا وان الروح ھو	سکھائے کیونکہ روح ہی تمام قواے جسمیہ کی مدبر ہے
مدبر البدن بما فیہ من القوی و نیز سیفرماید فسمی	نیز فرماتے ہین کہ اس موجود مذکور کا انسان نام رکھا
ھذا المذکور انسانا وھو للحق بمنزلة انسان العین	اور یہی انسان حق تعالے کے لیے بمنزلہ آنکھ کی پتلی
فانہ بہ نظر الحق الی خلقہ فرحمھم و در سخنان	کے ہے کیونکہ اوسی کے سبب سے حق نے خلق کو
تلامذہ او مذکور است کہ اللہ تعالی در آئینہ دل انسان	دیکھا اور اون پر رحم فرمایا۔ اور اون کے شاگردون
کہ خلیفہ اوست تجلی می کند و عکس آن تجلی از آئینہ	کے کلام مین ہے کہ اللہ تعالے انسان کے آئینہ دل
دل او بذرات می رسد و شیخ در بعض رسائل فرمود	مین جو اوس کا خلیفہ ہے تجلی فرماتا ہے جس کا عکس
کہ گردش افلاک تابع حرکت قلب انسان کامل	اوس کے آئینہ دل سے ذرات عالم پر پڑتا ہے اور حضرت
است انتہی و نیز در بعضے نسخ متن این عبارت در قول	شیخ نے بعض رسائل مین فرمایا کہ آسمانونکی گردش انسان
شیخ اکبر آمدہ است کہ کان اللہ ولم یکن معہ شیء	کامل کے حرکت قلب کی تابع ہے انتہی نیز بعض متن کے
پس بعضے شراح رسالہ می گویند کہ این قول کان اللہ	نسخونمین یہ عبارت حضرت شیخ اکبر کی قولمین آئی ہے کہ کان اللہ
نص است بر آن کہ مبدا موجود است قبل وجود ممکن بلکہ	تو بعض شارحین رسالہ کہتی ہین کہ یہ قول اسکی دلیل ہے کہ مبدء قبل وجود
آن فقط موجود است گویم اگر مراد شارح این است	ممکن موجود ہے بلکہ صرف وہی موجود ہے مین کہتا ہون کہ اگر شارح کا مطلب یہ

که الله تعالی موجود است با ممکنات الآن چنانکه
موجود بوده قبل وجود آنها فقط لاغیر پس همین مطلوب
مصنف است و نخواهد بود معنی کان زمانی مثل
کان الله علیما حکیما و اگر مراد این ست که کان الله
فی زمان ولم یکن فیه شیء من الاشیاء
علی خلاف ما علیه الآن کما هو المتبادر من
سوق عبارته پس این خود خلاف ما علیه العرفاء
و راست انه الآن علی ما علیه کان

که الله تعالے ممکنات کے ساتھ اب بھی اوسی
طرح موجود ہے جیسا اون کے وجود سے پہلے
موجود تھا تو مصنف کا بھی یہی مطلب ہے
اور کان کے معنے کان الله علیما حکیما کی طرح
زمانہ کے نہ ہونگے اور اگر یہ مطلب ہے کہ الله ایسے
زمانے مین تھا کہ جب کوئی چیز نہ تھی نہ کہ جیسا اب ہے
جو ظاہر عبارت سے معلوم ہوتا ہے تو یہ خود عرفا کے
عقیدہ کی خلاف ہی اور الآن علی ما علیہ کان کے معنے ٹھیک ہین

قوله فنقول ما اصل زید فان قلت الماء والدم نقول انه متعین مثله فما اصله فان
قلت حقیقته نقول هذا هو الحق بل نقول انها متعینة ممتازة عن موجود وحقیقته
فما اصلها فلا ینقطع السوال الا اذا انجر الحروف الی الطرف اعنی الذی لا تعین له ولا امتیاز عن شیء

اقول یعنی چون از اصل زید سوال خواهم کرد اگر
در جواب خواهی گفت که حقیقت زید آب و خون ست
حالانکه همان آب نطفه محض است و دم خارج از و
لقوله تعالی خلق من ماء دافق خواهم گفت
که آن را هم مثلے متعین است پس اصلش چه
خواهد بود و اگر در جواب الجواب حقیقت او خواهی گفت
خواهم گفت که این حق است بلکه خواهم گفت که
حقیقت معین ست و ممتاز است از موجود آخر
آن را حقیقت جیست و سوال درین هنگام منقطع
نه خواهد شد تا وقتی که کشیده نه شود حرف بسوی کناره

یعنی اگر مین زید کی اصل پوچھونگا اور تم جواب
مین یہ کہوگے کہ زید کی حقیقت خون و پانی سے ہے
حالانکہ وہ پانی نطفہ محض ہے اور خون اوس سے
علیحدہ الله تعالے فرماتا ہے کہ خلق من ماء دافق
تو مین کہونگا کہ اوس کی بھی ایک مثل متعین
ہے تو اوس کی اصل کیا ہوگی اگر جواب الجواب
مین اوس کی حقیقت کہوگے تو مین کہونگا کہ یہ حق
ہے بلکہ کہون گا کہ حقیقت معین اور موجود آخر سے
ممتاز ہے اوسکی حقیقت کیا ہے اور پھر بھی سوال منقطع نہوگا
تا وقتیکہ انتہا یعنی مبدء تک بات نہ پہونچائی جاے

ای مبدأ که برای او تعین نیست و نه امتیاز به
از شئ و این ظاهر است اما این جواب که مبدأ است
نسبت کردن به مبدأ هم خواهنده تغایر است
پس آن محتاج پرسش و جو و گفتگو نیست

جس کے لیے نہ تعین ہے اور نہ شے سے امتیاز اور یہ
ظاہر ہے مگر یہ جواب کہ مبدء ہے تو مبدأ کی طرف
منسوب کرنا بھی تغایر چاہتا ہے لہذا وہ سوال اور
گفتگو کا محتاج نہیں۔

قوله والعجب ممن یقول ان تعین الواجب عینه وکذا الوجود کیف خفی علیه انه لا تعین له
ولا وجود فهو معقول محض کالجنس العالی فهو ماهیة محض وان شئت قلت واحد محض
فان المعنی واحد والعبارات متعددة

اقول عجب ازان ست که می گوید که تعین واجب
عین اوست و همچنین وجود او و چرا چنین عجب
نه کنم که پوشیده ماند این امر که واجب را تعین نیست
و نه وجود اضافی بمعنی مصدری و ما قام به الوجود
بلکه بمعنی ما به الموجودیت و آرے آن واجب
معقول ثانوی محض است چون جنس عالی پس
واجب ماهیت محضه است و ترا اختیار است اگر
خواهی بگو که واحد محض زیرا که معنے واحد اند و
عبارات متعدد یعنی مراد واحد است ای حقیقت
مطلقه نه این که معنی لغوی و اصطلاحی این الفاظ
یکے اند حاصل این که مبدأ عالم بنظر ذات واصل
خود قطع نظر از لواحق و عوارض آن ذات حق است
که سابق است اعتبار او بر جمیع اعتبارات خواه
وجودی باشند یا وجوبی یا غیر ذلک پس واجب

تعجب اوس پر معلوم ہوتا ہے جو یہ کہتا ہے کہ تعین
واجب عین واجب ہے اور اسی طرح اوس کا
وجود بھی اور مجھے تعجب کیوں نہ ہو کیا وہ یہ نہیں
جانتا کہ واجب کا تعین نہیں اور نہ وجود اضافی
یعنے مصدری اور ما قام به الوجود بلکہ بمعنے
ما به الموجودیت ہے ہاں وہ واجب معقول ثانوی
محض ہے جیسے جنس عالی تو واجب ماہیت
محض ہے خواہ واحد محض کہو کیونکہ معنے ایک
اور عبارتیں مختلف ہیں یعنی حقیقت مطلقہ نہ
یہ کہ ان الفاظ کے لغوی و اصطلاحی معنے
ایک ہیں غرض کہ مبدأ عالم بنظر اپنی ذات
اور اصل کے لواحق و عوارض سے قطع نظر کرکے
ذات حق ہے جس کا اعتبار کل اعتبارات وجودی
و وجوبی وغیرہ پر سابق ہے تو واجب

معقول محض باشد مثل جنس عالی بمعنی آنکه حق تعالی
من حیث الذات و تجرد آن از لواحق و عوارض
مطلق است باطلاق حقیقی که دران نه شائبۂ از
تعین است و نه اتصاف بشئی اعم ازین که حق باشد
یا خلق یا وجود یا وجوب بلکه ذات من حیث هی عین
وجود است چنانکه محقق قیصری در مقدمۂ شرح
فصوص الحکم می گوید که وجود واجب عین اوست
بلکه موجودیت او بعینه و ذاته است نه بامر آخر که
مغایر آن باشد عقلا خواه خارجا و ازین تغایر
چند خدشه خواهند افتاد اول آن که اگر وجود عرض
خواهد بود هر آئینه قائم به موضوع که قبل آن ذات
است بالذات خواهد بود و درین صورت تقدم شئی
علی نفسه لازم خواهد آمد دوم آن که می گویم که درین
حال وجود موضوع و عرض هر دو زاید بران خارج و
ذهن خواهند بود و وجود ممکن نیست که زائد بر ذات
خود بود سوم آنکه وجود خارج و ذهن اعم از انهاست
پس لامحاله غیر موجود خواهد بود و آن را اعتبار نیست
چنانچه می گویند گویندگان لتحققه فی ذاته کما
قال علیه السلام کان الله ولم یکن معه
شئ ز بودن شرط آن شئ امر اعتباری لازم نمیگردد
که حقیقت بشرط شئی هم اعتباری باشد فلا مغایرة

جنس عالی کی طرح معقول محض ہے اس طرح
کہ حق تعالی بہ حیثیت ذات اور لواحق و عوارض
سے مجرد ہونے کے باطلاق حقیقی مطلق ہے جسمین
نہ تعین کا شائبہ ہے اور نہ کسی چیز سے اتصاف کا
خواہ وہ حق ہو یا خلق وجود ہو یا وجوب بلکہ ذات
بحیثیت ذات عین وجود ہے چنانچہ محقق قیصری
مقدمۂ شرح فصوص الحکم مین لکھتے ہین کہ وجود
واجب عین واجب ہے بلکہ اوس کی موجودیت
بعینہ وذاتہ ہے نہ کسی اور چیز سے جو عقلاً یا خارجاً
اوس کی مغایر ہو اس تغایر سے چند خدشے پڑینگے
اول یہ کہ اگر وجود عرض ہوگا تو موضوع ماقبل سے
قایم بالذات ہوگا اور اس صورت مین شئی کا تقدم
اپنی ذات پر لازم آئیگا دوسرے یہ کہ اس وقت موجود
موضوع اور عرض دونون اوس پر خارجاً و ذہناً
زائد ہون گے اور وجود کا اپنی ذات پر زائد ہونا ممکن
نہین تیسرے یہ کہ وجود خارجی و ذہنی اس سے
عام ہے تو لامحالہ غیر موجود ہوگا جس کا اعتبار نہین
جیسا کہ کہنے والے بوجہ اوس کے ثبوت فی ذاتہ کے
کہتے ہین چنانچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ کان اللہ
ولم یکن معہ شئی اور اوس شئے کے امر اعتباری ہونے
سے یہ لازم نہین کہ حقیقت بشرط شئی بھی اعتباری ہو اسکا

الا فی اعتبار العقل فان قلت الوجود من
حیث هو هو کلی طبعی لا یوجد الا فی ضمن
فرد من افراده فلا یکون الوجود من
حیث هو واجب لاحتیاجه فی تحققه الا
ما هو فرد منه قلت ان اردتم بالکبری الطبایع
الممکنة الوجود فمسلم ولکن لا ینتج المقصود لان
الممکنات من شانها ان توجد وتعدم وطبیعة
الوجود لا تقبل ذلک وان اردتم ما هو اعم
منها فالکبری ممنوعة بل لا نسلم ان الکلی
الطبیعی فی تحققه متوقف علی وجود ما یعرض
علیه ممکنا کان او واجبا اذ لو کان کذا لزم
الدور والحق ان کلی طبعی فی ظهوره متشخصا
فی عالم الشهادة یحتاج الی تعینات
متشخصة له فی الحقیقة وبعد تحقیق بسیار قیصری
گوید که وایضا الوجود لا حقیقة له زائدة علی
نفسه والا یکون کباقی الموجودات فی
تحققه محتاجا الی الوجود ویتسلسل وکل ما
هو کذلک فهو واجب الوجود وازین عینیت
که بدلیل گفته شد تصریح می آرند محققان بر عینیت
صفات واجبی لا وجود ولا تعین واقعی است مگر مراد
ازان این که محتاج به وجود متعین است ولازمان

اعتبار عقلی کے سوا مغایرت نہین اگر یہ کہو کہ وجود
بحیثیت وجود کلی طبعی ہے جو کسی نہ کسی فرد کے
ضمن مین پایا جاتا ہے تو وجود بحیثیت وجود اپنے
ثبوت کے لیے کسی فرد کی طرف محتاج ہونے کے
سبب سے واجب نہ ہوگا تو مین کہونگا کہ اگر تم نے
کبرے سے طبایع ممکنۃ الوجود مراد لیے ہین تو تسلیم ہے
مگر مقصود کے لیے نہ نتیجہ ہے کیونکہ ممکنات وہ ہین جو
موجود بھی ہون اور معدوم بھی اور طبیعت وجود اسے
قبول نہین کرتی اور اگر وہ مطلب ہے جو اوس سے
اعم ہے تو کبرے ممنوع ہے بلکہ ہم یہ نہین مانتے کہ کلی طبعی
اپنے ثبوت مین اوس وجود پر موقوف ہے جو اوسے
عارض ہے خواہ وہ ممکن ہو یا واجب کیونکہ اس صورت
مین دور لازم آئیگا اور حق یہ ہے کہ کلی طبعی اپنے ظہور
خارجی مین عالم شہادت مین متشخص اور اون تعینات کا
محتاج ہے جو حقیقتا اوسکے لیے متشخص ہین پھر بہت تحقیق کے
بعد قیصری لکھتے ہین کہ حقیقت وجود اوسکی ذات پر زائد
نہین ورنہ وہ بھی اور موجودات کی طرح اپنے ثبوت مین وجود
کا محتاج ہوگا اور تسلسل لازم آئیگا اور جو ایسا ہے وہ
وہ واجب الوجود ہے اور اس عینیت سے محققین عینیت
صفات واجب کی تصریح کرتے ہین لا وجود اور لا تعین واقعی ہے
مگر اوس سے مطلب یہ ہے کہ وجود متعین محتاج ہے اور لازمان

ولا امکان کہ در شانش گفتہ آمد تنزیہ از جسمیت او
بود نہ این کہ از تعین و وجود واقعی عاریست تعالیٰ
شانہ لا امکان است و بہ امکان وجود مکان و لا امکان
جامع ہر دو شئی است غرض باین اعتبار موجودے
نہ گفتہ خواہد شد الا مجازا زیرا کہ لغتاً موجود آنکہ موصوف
بوجودے بود کہ وجود زائد بر ذات اوست مثل وجود
ما لا کان عینہ چنانکہ شیخ اکبر در فتوحات در باب
احدی وسبعین گفتہ کہ اطلاق موجود بر حق تعالےٰ
پیش ما مجاز است چہ ہر کہ وجود او عین ذات اوست
نسبت او با او ہمچو نسبت وجود با ما ست فالذات
من حیث اطلاقہا الذاتی لا یصح ان یحکم علیہا
بحکم او یوصف من وجوب او وجود او
اقتضاء ایجاد او مبدئیۃ لافتقار کل ذالک
التعین والتقید المقتضی سبق اللاتعین والاطلاق
علی ما حقق صدر الدین القونوی فی
النصوص وہی باعتبار تعلقہا وسریانہا
بالنسبۃ والاضافات وبحکمہا بالاسماء
والصفات صحیحۃ الحکم علیہا بکل حکم و
لہذا الاعتبار قیل وجود الحق بصور العالم
وانچہ کہ بعض شراح بر کلام ماتن ایراد فرمودہ اند
بسہ وجہ اول آن کہ وجود کلی مستہلک است و

ولا امکان اوس کی جسمیت کی تنزیہ ہے نہ یہ کہ وہ تعین
و وجود واقعی سے معرا ہے لا امکان و با مکان ہے
اور وجود مکان و لا امکان دونوں کا جامع غرضکہ
اس اعتبار سے وہ مجازا موجود ہوگا کیونکہ لغتاً موجود وہ
ہے جو اوس وجود سے موصوف ہو جو اوس کی ذات پر
زائد ہے اوس وجود کی طرح جو اوس کا عین نہیں حضرت
شیخ اکبر فتوحات کے باب الکثرین لکھتے ہیں کہ ہمارے
نزدیک حق تعالیٰ پر موجود کا اطلاق مجازی ہی کیونکہ
جس کا وجود اوس کا عین ذات ہے اوس کی نسبت
اوس سے ویسی ہی ہے جیسے ہمارے وجود کی ہم سے
لہذا ذات پر بہ حیثیت اوس کے اطلاق ذاتی کے کسی حکم یا
وصف کا وہ وجوب ہو یا وجود یا اقتضاء ایجاد یا مبدئیت
حکم کرنا صحیح نہیں کیونکہ یہ سب چیزیں ایسے تعین و تقید
کی محتاج ہین جو لا تعین و اطلاق پر سابق ہو جیسا
کہ شیخ صدر الدین قونوی نے نصوص مین ثابت
کیا اور وہ باعتبار اپنے تعلق و سریان نسبت و اضافات
و اسماء و صفات سے حکم کیے جانے کے ہر حکم سے
صحیحۃ الحکم ہے اسی اعتبار سے کہا جاتا ہے کہ وجود
حق بصور عالم ہے اور بعض شارحین نے ماتن کے
کلام پر تین وجہ سے اعتراض کیا ہے۔ اول یہ کہ
وجود کلی اون حقایق کے ماتحت مستہلک ہے

تحت آن حقایق اند کہ بعضے ازان قائم بنفسہ اند
وبرخے قائم بغیرہ کما قال الحکیم پس جایز است
کہ متصف بود فردے ازان بفرد آخر ثانی آن کہ
وجودیکہ عین واجب است آن وجود تام است
بنفسہ محیط جمیع حقایق کہ قائم اند بدان کما قال
بہ الصوفی ووجودی کہ واجب متصف بآن ست
آن کون عقلی ست قائم بالفرد وآن امرے
منتزع است وہمان مناط بودن شئی مطلق
است موجود وآن از حقائق ست قائم بموجود
مطلق فکیف یلزم من کون الواجب عین
الوجود ان لاوجود لہ ثالث آن کہ موجود آنکہ
موجود صیغہ نسبت است ونسبت بالقیام باشد
یا اتحاد وقیام یا قیام الوجود بالشئی است یا قیام الشئی
بالوجود انتہی این ہمہ ساقط اند زیرا کہ ماتن زبحث
از مرتبہ ایست کہ دران اتصاف نیست اعنی ذات
لابشرط شئی وعند الاتصاف یظہر الاتصاف
ونیز مراد شیخ از معقول محض مطلق بہ اطلاقیست کہ دران
تعین نیست بوجہ من الوجوہ پس در ہر وجہ واز ہر
وجہ مطلق ست لاثانی لہ یمتاز عنہ لہذا آن
اعتراض ساقط است کہ واجب اگر معقول
محض می بود شئی از اشیاء موجود نبودے پس اگر

جن مین بعض قائم بذاتہ ہین اور بعض قائم بغیرہ جیسا
کہ حکیم کا مقولہ ہے تو جائز ہے کہ ایک فرد دوسرے
فرد سے موصوف ہو دوسرے یہ کہ جو وجود عین واجب
ہے وہ بذاتہ پورا اور ان سب حقائق کو جو اوس مین
قائم ہین محیط ہے جیسا کہ صوفی کا مقولہ ہے اور جس
وجود سے واجب موصوف ہے وہ وجود عقلی قائم بالفرد
اور ایک امر منتزع ہے اور وہی شے کے مطلق وجود ہونے کا
دارومدار ہے اور وہ اون حقایق سے ہے جو موجود
مطلق سے قائم ہین تو واجب کے عین وجود ہونے سے
یہ کیسے لازم آیگا کہ اوس کا وجود نہین تیسرے یہ کہ موجود
وہ ہے جو بصیغہ نسبت موجود ہے اور نسبت قیام سے ہے
یا اتحاد سے اور قیام یا قیام وجود بشئے ہے یا قیام شئے
بوجود انتہے تو یہ سب اعتراض ساقط ہین کیونکہ ماتن کی
بحث اوس مرتبہ سے ہے جس مین اتصاف نہین
یعنی ذات لابشرط شئے اور بوقت اتصاف اتصاف
ظاہر ہوگا اور شیخ کا مطلب معقول محض سے یہ ہے
کہ وہ اوس اطلاق سے مطلق ہے جس مین کچھ بھی
تعین نہین تو ہر وجہ مین ہر طرح سے مطلق ہے
اوس کا کوئی ثانی نہین جس سے وہ ممتاز ہو
لہذا یہ اعتراض ساقط ہے کہ واجب اگر معقول
محض ہوتا تو کوئی چیز موجود نہ ہوتی کیونکہ

می توانم گفت که غایت کار ازین آن ست که
لازم می آید که واجب تعالی موجود بود بهر وجود و
غیر او موجود نه فذلك هو المطلوب و مختار
المحققین والمصنف ایضا سلك بهذا
المسلك نه آن که مذهب مصنف این ست که
واجب غیر موجود است واگر چنین می بود این همه
شد و مد نمی توانست کشید و از انجا که مسئله
وجود مطلق اصل الاصول است لهذا مقتضای
مقام این است که ادله وجود آن در خارج و وجوب
آن نیز بگویم تا هر که ایقان کند این اصل را بقیه
مسائل بر وی حل شوند و هر که نفهمید مشکل خواهد
افتاد بر او و در حیرت خواهد افتاد و اگر انکار کند
گمراه خواهد شد فنقول بحول الله وقوته بدان
اول آن که شمس الدین محمد فناری در کتاب
مصباح الانس والجود براهین عدیده بر وجود مطلق
و وجوب آن قائم کرده و برای رد شبهات متکلمین
که جمع کرده است آنها را در شرح مقاصد مقصدی
گشته و همچنین محقق علی مهائمی دلیل آورده بر وجود
مطلق در رساله مفرده که نامش ادلة التوحید است
و شرح آن نوشته مسمی باجلة التائید و بعد
آورده ان برهان وجود دوازده طریق بر وجوب آن

ہم کہہ سکتے ہین کہ اس کا انجام یہ ہے کہ اس سے
واجب تعالے کا ہر وجود کے ساتھ موجود ہونا لازم
آتا ہے حالانکہ اوس کے سوا کوئی موجود نہین یہی
مقصود ہے اور محققین کا بھی مختار ہے اور مصنف
کا بھی یہی مسلک ہے اوس کا مذہب یہ نہین ہے کہ
واجب غیر موجود ہے اگر یہ ہوتا تو اس قدر شد و مد سے
بیان کرنے کی ضرورت نہ ہوتی اور چونکہ مسئلہ
وجود مطلق اصل الاصول ہے لہذا بمقتضاے
مقام اوس کے وجود خارجی اور وجوب کی دلیلین
بھی بیان کی جاتی ہین جو کوئی اس اصل کو
سمجھ لے گا اوس پر باقی مسائل حل ہو جائینگے
اور جو نہ سمجھے گا اوسے مشکل پڑیگی متحیر ہو جائیگا
اگر انکار کرے گا گمراہ ہو جائے گا لہذا خدا پر
بھروسہ کر کے کہتا ہوں کہ اولاً تو شمس الدین
محمد فناری نے کتاب مصباح الانس والجود مین
وجود مطلق اور اوس کے وجوب پر متعدد دلائل
قائم کیے ہین اور متکلمین کے شبہات جن کو شرح مقاصد
مین جمع کیا ہے رد کیے ہین - اسی طرح محقق
علی مہائمی نے اپنے رسالہ مفردہ ادلۃ التوحید
اور اوس کی شرح اجلۃ التائید مین وجود
مطلق کا بارہ طریقہ سے وجوب ثابت کیا ہے

آوردہ است وبعد آن دوازدہ شبہہ وارد کردہ رفع	اور اون پر بارہ شبہے وارد کرکے اون کو دفع کیا ہے اور
آن کردہ است بہ بیانے شافی ومختصراً در مقدمۂ	مختصراً مقدمۂ شرح فصوص مسمی بہ مشرع الخصوص مین
شرح فصوص مسمی بہ مشرع الخصوص ذکر ساختہ	بھی بیان کیا نیز محقق سامی مولانا جامی نے اوسمین
ونیز محقق سامی مولانا عبدالرحمن جامی بعضے	سے کچھ رسالہ وجودیہ ودرۂ فاخرہ مین نقل فرمایا ہے
ازان در رسالہ وجودیہ ودرۂ فاخرہ نقل فرمودہ	چنانچہ درۂ فاخرہ مین ہے کہ وجود مین ایک واجب
چنانکہ در درۂ فاخرہ است اعلم ان فی الوجود	ہے ورنہ انحصار موجود ممکن مین لازم آئیگا جس سے
واجبا والا لزم انحصار الموجود فی الممکن	شے کا بالکل نہ پایا جانا لازم آئیگا کیونکہ ظاہر ہے کہ ممکن
فیلزم ان لا یوجد شیء اصلا فان الممکن	اگرچہ متعدد ہو مگر اوس کا وجود نہ اپنی ذات مین مستقل
وان کان متعددا لا یستقل بوجودہ	ہے اور نہ اپنے غیر سے پیدا ہونے مین کیونکہ مرتبۂ ایجاد
فی نفسہ وھو ظاھر ولا فی ایجادہ بغیرہ	مرتبۂ وجود کے بعد ہے اس لیے کہ جب وجود نہین تو
لان مرتبۃ الایجاد بعد مرتبۃ الوجود اذ	ایجاد نہین پس نہ موجود بذاتہ ہے نہ بغیرہ لہذا جب وجود
لا وجود فلا ایجاد فلا موجود لا بذاتہ ولا	واجب ثابت ہوگیا تو پھر ہم کہتے ہین کہ بیشک
بغیرہ فاذا ثبت وجود الواجب فنقول	مبدأ موجودات موجود ہے اور وہ دو حال
لا شک ان مبدء الموجودات موجود	سے خالی نہین یا وہ حقیقت وجود ہے یا غیر وجود
فلا یخلو اما ان یکون حقیقۃ الوجود او	اوس کا غیر ہونا جایز نہین اس لیے
غیرہ لا جایز ان یکون غیرہ ضرورۃ احتیاج	کہ غیر وجود کو اپنے وجود کے لیے غیر کا محتاج ہونا
غیر الوجود فی وجودہ الی غیرہ وھو الوجود	ضروری ہے اور احتیاج وجوب کے
والاحتیاج ینافی الوجوب فتعین ان یکون	خلاف ہے لہذا حقیقت مبدأ وجود ہوگی
حقیقۃ الوجود ثم الوجود اما ان یکون	یا جو باطلاق حقیقی مطلق ہو جس کے
مطلقا اطلاقا حقیقیا لا یقابلہ تقیید	مقابل کوئی قید نہ ہو اور ہر اطلاق و
قابلا لکل اطلاق وتقیید متعینا بذاتہ لا بامر	تقیید کے قابل ہو اور بذاتہ متعین ہو نہ بامر

اردو	عربی
زائد بر ذات چیز ہے ایسا تعین جو کل تعینات سے	زائد علی ذاته تعیناً هو وسع التعینات یجامع
وسیع اور سب کا جامع ہو اور اوس کے کلیات اور	التعینات کلها ولا ینافی شیئاً منها محیطاً
جزئیات پر محیط ہونے کو کوئی مانع نہ ہو بوجہ اوس کے	بالکلیات والجزئیات منها بتجلیه فیها بحسبها
ہر تعین کے موافق متجلی ہونے کے اور وہ اپنی ذات	وهو بحسب ذاته لا یکون کلیاً ولا جزئیاً او
سے نہ کلی ہو نہ جزئی یا مقید ہو یعنی متعین بامر زائد	یکون مقیداً ای متعیناً بامر زائد علی ذاته
بر ذات لیکن مقید ہونے کی کوئی وجہ نہیں اور نہ یہی	لکن لا سبیل الی الثانی وهو ان یکون مقیداً
ممکن ہے کہ واجب مجموع ہو کیونکہ احتیاج لوازم ترکیب	ولا سبیل الی ان یکون الواجب المجموع
سے ہے جو منافی وجوب ہے اور نہ صرف تعین کیونکہ	لان الترکیب من لوازمه الاحتیاج وهو ینافی
ہر تعین قید لاحق ہے جس کے لیے امر سابق ضروری	الوجوب ولا التعین وحده لان کل تعین قید
ہے اور غیر کا محتاج واجب نہ ہوگا اور نہ صرف	لاحق لا بد له من امر سابق والمحتاج الی الغیر
معروض التعین کیونکہ غرض یہ ہے کہ مقید وہ ہے	لا یکون واجباً ولا معروض التعین وحده
جو متعین بذاتہ نہو بلکہ اس تعین زائد بر ذات	لان الغرض ان ای المقید ما لیس متعیناً بذاته
سے متعین ہوا اور ہر ایسی چیز اپنی حقیقت خارجیہ	بل بهذا التعین الزائد علی ذاته وما هو کذلک
میں امر زائد بر ذات کی محتاج ہو گی اور غیر	کان محتاجاً فی حقیقته الخارجیة الی امر زائد
کا محتاج واجب نہ ہوگا اس لیے احتمالات	الی ذاته والمحتاج الی الغیر لا یکون واجباً
ثلاثہ دوسرے کے لیے باطل ہوئے نہ چوتھے	واذا بطلت الاحتمالات الثلاث للثانی ولا
کے لیے تو پہلا متعین ہوا یعنی واجب ہی بمعنی	رابع فیتعین الاول وهو ان یکون الواجب هو
مذکور وجود مطلق ہے اور یہی مطلوب ہے	الوجود المطلق بالمعنی المذکور وهو المطلوب و
انتہے اور رسالہ مفردہ فی الوجود میں کہا ہے	بالله التوفیق انتهی ملخصاً وقال فی رسالة المفردة
کہ جس چیز کی دلیل وجود ہے یعنی جس کے انضمام	فی الوجود ما نصه الوجود ای ما بانضمامه
الی الماہیات سے اوس پر آثار خاصہ مترتب ہوتے ہیں	الی الماهیات یترتب علیها آثارها المختصة بها

عربی	اردو
موجودة فانه لو لم يكن موجودا لم يوجد شيئ	وہ موجود ہے کیونکہ اگر وہ نہ ہو تو کچھ نہ ہو۔ اور
اصلا والتالي باطل فالمقدم مثله بيان	تالی کے ساتھ مقدم کا باطل ہونا لازم و ملزوم ہے
الملازمة ان الماهية قبل انضمام الوجود	جسکا بیان یہ ہے کہ ماہیت قبل انضمام وجود قطعاً
اليها غير موجودة قطعا فلو كان الوجود ايضا	موجود نہیں ہیں اگر وجود بھی موجود نہ ہو تو ایک کا
غير موجود لا يمكن ثبوت احدهما للآخر	ثبوت دوسرے کے لیے ممکن نہو کیونکہ شئی کا ثبوت
فان ثبوت شئ على الشئ فرع لوجود المثبت له	شئے کے لیے وجود مثبت لہ کی فرع ہے اور جب
واذا لم يثبت احدهما للآخر لم يكن الماهية	ایک دوسرے کے لیے ثابت نہ ہوگا تو ماہیت
معروضة للوجود كما ذهب اليه اهل النظر	معروض للوجود نہ ہوگی جس کے قائل اہل نظر ہیں
ولا عارضة له كما ذهب اليه القائلون بوحدة	اور نہ اوس کے لیے عارض ہوگی جس کے قائل
الوجود فلا تكون موجودة ثم قال فان	اہل وحدت وجود ہیں لہذا شئی موجود نہ ہوگی پھر اگر
قلت الماهية باعتبار وجودها العقلي معروضة	یہ کہا جائے کہ ماہیت باعتبار وجود عقلی وجود خارجی
للوجود الخارجي فيكون ثبوت الوجود	کو عارض ہے تو اوس کے وجود خارجی کا ثبوت
الخارجي لها في العقل فرعا لوجودها فيه لا في	عقل میں اوس کے وجود کا فرع ہوگا اوس میں
الخارج قلت ينتقل الكلام الى وجودها العقلي	نہ خارج میں تو میں کہونگا کہ کلام اوس کے وجود
بان يقول ثبوت الوجود العقلي في العقل	عقلی کی طرف یوں نقل ہوگا کہ عقلاً ثبوت وجود
موقوف على وجود سابق لها فيه وثبوت	عقلی اوس کے وجود سابق پہ موقوف ہے اور
الوجود السابق على وجود سابق آخر	ثبوت وجود سابق دوسرے وجود سابق پہ تو
فيتسلسل الموجودات وليس هذا من قبيل	موجودات میں تسلسل ہوگا اور یہ تسلسل امور
التسلسل في الامور الاعتبارية التي تنقطع	اعتباریہ کی طرح نہیں ہے جو اعتبار منقطع ہونے
بانقطاع الاعتبار فان كل لاحق موقوف	سے جاتا رہے کیونکہ ہر لاحق اپنے سابق پہ
على سابقه كما لا يخفى على المتدبر واما	موقوف ہے جو غور کرنے والے پہ مخفی نہیں اب رہا

بطلان التالی فظاہر لا یحتاج الی البیان فثبت	بطلان تالی تو وہ ظاہر ہے بیان کرنے کی ضرورت
ان الوجود موجود واذا کان موجودا فواجب	نہین لہذا ثابت ہوا کہ وجود موجود ہے اور بحالت
ان یکون وجودہ بنفسہ والا تسلسل فیکون	موجودیت اوس کے وجود کا بنفسہ ہونا واجب ہے
واجبا لامتناع زوال الشیٔ عن نفسہ ویلزم ان	ورنہ تسلسل لازم آئیگا تو واجب ہوگا کیونکہ شے
یکون حقیقۃ واحدۃ یلحقہا التعدد النسبی	کا اپنی ذات سے زوال ممنوع ہے اور حقیقت واحدہ
باضافتہا الی الماہیات ولا تعدد فی الواجب	کو بوجہ ماہیات کی طرف مضاف ہونے کے تعدد نسبی
تعالی وقد برہنوا علی امتناعہ فان قلت لا	لاحق ہونا لازمی ہے اور واجب تعالی مین تعدد نہین
شک ان معنی الوجود مفہوم عرضی لا یصدق	ہے جس کے ممنوع ہونے پر دلیلین لائے ہین اگر یہ
علی شیٔ قائم بنفسہ مواطاۃ کالضحاک والمشی	کہا جاے کہ واقعی معنی وجود مفہوم عرضی ہے جو
واللون والسواد وامثال ذلک وانکار ذلک	قائم بالذات شے پر صادق نہین آتا جیسے ہنسنا۔
مکابرۃ فکیف یکون ذات الواجب نفس ذلک	چلنا۔ رنگ و سیاہی وغیرہ جس کا انکار زبردستی ہے
المفہوم قلت کما انہ یجوز ان یکون ہذا المفہوم	پس ذات واجب اس مفہوم کی ذات کیسے
العام زائدا علی الوجود الخاص الواجبی و	ہوگی تو مین کہون گا کہ جس طرح یہ جایز ہے کہ یہ
علی الوجودات الخاصۃ الممکنۃ علی تقدیر کونہا	مفہوم عام وجود خاص واجب اور وجودات خاصہ
حقائق مختلفۃ علی ما قال بہ الحکماء یجوز	ممکنہ پر بر تقدیر اوس کے حقایق مختلفہ ہونے کے
ان یکون زائدا علی حقیقۃ واحدۃ مطلقۃ	بر قول حکما زائد ہو اسی طرح جایز ہے کہ وہ حقیقت
موجودۃ ہی حقیقۃ الوجود الواجب ویکون	واحدہ مطلقہ موجودہ یعنی حقیقت وجود واجب پر بھی
ہذا المفہوم الزائد امرا اعتباریا غیر موجود	زائد ہو اور یہ مفہوم زائد امر اعتباری غیر موجود
الا فی العقل ویکون معروضہ موجودا	عقلی ہوگا اور اوس کا معروض جو حقیقت وجود
حقیقیا خارجیا ہو حقیقۃ الوجود انتہی و	ہے موجود حقیقی خارجی ہوگا انتہی۔ اور
قال شمس الدین الفناری فی المصباح	شمس الدین فناری نے مصباح مین لکھا ہے

متن	ترجمہ
وجود الوجود ليس بممتنع لانه ثبوت الشئ	کہ وجود وجود ممتنع نہین کیونکہ وہ ثبوت شئی لنفسہ
لنفسه ولا ممكن والا لكان له علة موجدة	ہے اور نہ ممکن ہے ورنہ اوس کے لیے علت موجدہ
فهي اما ماهيته او احد افراده او خارج عنها	ہوگی تو یہ یا اوسکی ماہیت ہے یا اوسکے افراد سے کوئی
والاول يستلزم كون الشئ علة لنفسه بلا دور	فرد یا اوس سے خارج اول شئی کا اپنی ذات کے لیے
والثاني يستلزم منع الدور والثالث يستلزم	علت ہونے کا بلا دور مستلزم ہے اور دوسرا منع دور کو
كون المعدوم لا من حيث هو موجود مؤثرا	اور تیسرا معدوم ہونے کو مستلزم ہی نہ اس حیثیت سے کہ
في الوجود واللوازم ظاهر البطلان انتهى	وہ موجود اور اوسمین مؤثر ہے اور لوازم ظاہر البطلان ہین
وقال المهائمي في ادلة التوحيد وشرحها الوجود	انتہا اور مہائمی قدس سرہ نے رسالہ ادلۃ التوحید اور
المطلق يمتنع عدمه لانه اذا عدم اما بعروضه	اوس کی شرح مین لکھا کہ وجود مطلق کا عدم ممنوع ہے
للوجود فيلزم اتصاف الشئ بنقيضه بحيث	کیونکہ اوس کا عدم یا بوجہ اوسکے عارض وجود ہونے
يحمل عليه بهو هو لانا قد بينا ان الوجود موجود	کے ہے تو لازم آئیگا کہ شئے اپنی نقیض سے اس طرح
في الخارج وان وجود الوجود عين الوجود فان	موصوف ہو کہ اوسپر بالکل قیاس کیجاے کیونکہ ہم نے بیان
اتصف الوجود المطلق المضاف اليه بالعدم	کیا کہ وجود خارجی موجود ہی اور وجود وجود عین وجود ہی پس
العارض له صار معدوما وصار وجوده	اگر وجود مطلق اوس عدم سے جو اوسکی طرف مضاف اور عارض ہے
المضاف اعني وجود الوجود عدما اذ لا معنى	موصوف ہوگا تو معدوم ہوگا اور اوسکا وجود مضاف یعنی
المعدوم الا ما سلب وجوده واذا صار وجوده	وجود وجود عدم ہوگا کیونکہ معدوم وہی ہی جسکا وجود مسلوب
عدما صار المطلق المضاف اليه عدما ايضا	ہو اور جب اوس کا وجود معدوم ہوگا تو مطلق جو اوسکی
لانه عينه فيصدق الوجود لا وجود وهو	طرف مضاف ہی وہ بھی معدوم ہوگا کیونکہ وہ اوسکا عین
الاتصاف بالنقيض الذي هو العدم بحيث	ہی تو وجود لا وجود صادق آئیگا یعنی اوس نقیض سی اتصاف
يحمل عليه بهو هو واما بانقلابه الى العدم فيلزم	جو عدم ہی اس طرح جسپر کہ اوسپر پورا پورا قیاس کیا جاے اور یا اوسکا انقلاب
قلب الحقائق وهو صيرورة حقيقة امر الى	الی العدم ہو تو اس سی قلب حقایق لازم آئیگا یعنی ایک حقیقت

حقیقة امر اخر واما بارتفاعه الی الوجود	دوسری حقیقت ہو جائے اور یا اُسکا ارتفاع الی الوجود
من حیث هو اصله من غیر اتصافه بالعدم	ہو اس طرح پر کہ وہ اسکی اصل ہے بلا اوسکے عدم سے
ولا انقلابه الی الاخر فیلزم سلب الشیء عن	موصوف اور غیر سے منقلب ہونے کے تو شئے کی نفی
نفسه واللوازم الثلاثة وهی اجتماع النقیضین و	اپنی ذات اور لوازم ثلاثہ سی لازم آئیگی یعنی اجتماع النقیضین
قلب الحقایق وسلب الشیء عن نفسه باطلة	اور قلب حقایق اور شئی کی نفی اپنی ذات سی باتفاق
بالاتفاق والضرورة وکذا الملزوم وهو جواز	وضرورت باطل ہے ایسے ہی ملزوم یعنی جواز عدم
عدم الوجود فیثبت نقیضه وهو امتناع	وجود بھی تو اوسکی نقیض ثابت ہوگی یعنی امتناع عدم
العدم المستلزم لوجوب الوجود وهو المطلوب	جو مستلزم وجوب وجود ہے اور یہی مطلوب ہے اور
والفرق بین الامور الثلاثة ان فی صورة الاتصاف	تینوں امور مین فرق یہ ہی کہ بصورت اتصاف موصوف
یوجد الموصوف وفی صورة الانقلاب یوجد	پایا جائیگا اور بصورت انقلاب اوسکا بدل پایا جائیگا
بدله وفی صورة الارتفاع لا یوجد شیء	اور بصورت ارتفاع کچھ بھی نہین پایا جائیگا انتہی یعنی
منها انتهی ملخصًا - ای ان الوجوه الثلاثة	تینوں وجوہ متمایز ہین اگرچہ کل کا انجام ایک ہے
متمایزة وان کان المآل فی الکل واحدا وهو	یعنی وجود کے عدم ہونے کا لزوم اور یہ جو کچھ ہم نے
لزوم کون الوجود عدما هذا وفیما اوردنا	بیان کیا یہ وجود مطلق اور اوسکے وجوب کی دلیل مین
کفایة ان شاء الله تعالی علی وجود وجود	سمجھدار منصف کے لیے کافی ہے - اور جب یہ ثابت
المطلق ووجوبه عند الذکی المنصف فلیکتف به	ہوگیا تو ہم کہتے ہین کہ وجودات مضاف جب بہ حیثیت
وچون این محقق شد گوییم که وجودات مضافه بحیثیت	اپنی اضافات کے لحاظ کیے جائینگے تو مقید ہونگے
اضافت خود ملحاظ کرده شوند خواهند گشت مقید و	اور باختلاف حقائق جو اوسکی طرف مضاف ہین
مختلف باختلاف حقایق مضافة الیها و هرگاه	مختلف ہونگے اور جب اون اضافات سی چشم پوشی
ازان اضافات چشم بسته آید راجع اند بوجود	کی جائیگی تو اوس وجود مطلق کی طرف راجع ہونگے
مطلق قابل الاضافة الی المختلفات ہمچنانکہ تعینات	جو قابل اضافت الی المختلفات ہی چنانچہ تعینات

کہ ہر گاہ ایجاد کرد او راحق تعالی بحسب حقایق
مختلف گردیدند وچون آن اختلافات مرتفع گردند
ہمہ راجع شوند بہ بطون وامکانے کہ در ضمن اطلاق ست
واین مثل قول اہل تحقیق است کہ می گویند صور خارجیہ
متعدد اند بحسب حقایق مختلفہ بجہت بودن آنہا مظاہر

اسما فان الذات وان کانت واحدۃ لکن این

القابض من الباسط والخافض من الرافع الی

غیر ذلک پس چنانکہ ہر گاہ اعتبار کردہ شود ظہور
وحدت حق وتجلی او باسم نور مشرف بر حقایق کائنات
متعدد می گردند تعینات مختلفہ حسب اختلاف حقائقے کہ
مظاہر شیون ذاتیہ اند ہمچنین ہر گاہ ارتفاع آن
باعتبار درآید بطون آن گونہ کہ مستہلک بودند در

احدیت واطلاق حقیقی وھو الاصل الواحد

الجامع الذی یتحول بظاہر وحدتہ فی

مجالی الشیون الی امثلۃ مختلفۃ بمعان مقصودۃ

واین منافی تنزیہ نیست بل از کمال اطلاق حقیقی ست
نیز در خاطر توان داشت کہ متکلمین قائلین بزیادت
وجود بر حقیقت واجب قائل اند بآن کہ واجب لذاتہ
نہ مرکب ست از اجزای متغایرہ فی الخارج ونہ از اجزائے
متمایزہ فی الذہن ورنہ لازم آید احتیاج واجب
در ذات ووجود او بسوی اجزا بحسب نفس الامر چنانچہ

جب حق تعالی نے ایجاد کیا تو وہ بحسب حقایق مختلف
ہوئے جب وہ اختلافات جاتے رہیں گے تو سب
بطون اور امکان کی طرف جو ضمن اطلاق میں ہے
پلٹیں گے اور یہ قول اہل تحقیق کی طرح ہے وہ کہتے
ہیں کہ صور خارجیہ بحسب حقایق مختلفہ بوجہ اون کے

مظاہر اسماء ہونے کے متعدد ہیں کیونکہ ذات اگرچہ

واحد ہے لیکن قابض باسط اور خافض رافع میں کس قدر

بعد ہے پس جس وقت ظہور وحدت حق اور اوسکی
تجلی باسم نور حقایق ممکنات پر اعتبار کیجائیگی تو تعینات
مختلفہ حسب اختلاف ان حقایق کے جو مظاہر شیون
ذاتیہ ہیں متعدد ہونگے اسیطرح جب اوسکا ارتفاع اعتبار
کیا جائیگا تو سب بطون کی طرف پلٹ کر احدیت و

اطلاق حقیقی میں مستہلک ہو جائینگے کیونکہ وہی ایک

اصل سب کی جامع ہے جو بظاہر وحدت خود مجالی

شیون میں مختلف مثالوں کی طرف بمعانی مقصودہ
پھرتی ہے اور یہ تنزیہ کے خلاف نہیں بلکہ اطلاق حقیقی کا
کمال ہے نیز خیال رکھنا چاہیے کہ متکلمین جو وجود کو حقیقت
واجب پر زائد کہتے ہیں اسکے بھی قائل ہیں کہ واجب لذاتہ
اجزاء متغایرہ خارجی و اجزاء متمایزہ ذہنی سے مرکب نہیں
ہے ورنہ اوس کا اپنی ذات و وجود میں مطابق
واقع محتاج اجزاء ہونا لازم آئیگا اور جس شئے

غیر شئ می باشد و محتاج در نفس الامر بسوی غیر
ممکن است چنانکہ در کتب کلامیہ مسطور است و
معلوم است کہ اگر برای حق ماہیتے غیر وجود باشد
البتہ در ذات و وجود خود محتاج بغیر بود فکان فی
معنے کونہ مرکبا من حیث لزوم الاحتیاج
الی الغیر فی وجودہ المستلزم للامکان
یا متراف فہم فاللازم من قولہم ھذا ان
لا یکون حقیقۃ الواجب عندہم ایضا الا
عین الوجود المحض الموجود بذاتہ القایم بذاتہ
المتعین لذاتہ الغنی بذاتہ عما سواہ وحینئذ
یکون الوجود المحکوم علیہ فی کلامہم بانہ
زائد فی الواجب والممکن علی الماہیۃ وھو ذلک
المفہوم الاعتباری الذی سبق انہ لیس
عین شئ من الموجودات الخارجیۃ بل لا
وجود لہ الا فی الذہن ومعروضاتہ ھی
الموجودۃ فی الخارج مع اختلاف حقایقہا
وبھذا یرتفع التناقض بین کلامہم وحصل
الجمع انتہی لب کلام ومخ مرام آن کہ وجود نزد متکلمین
وحکماء جزو تحلیلی است ومعقول ثانی وبدیہی التصور
واعرف اشیاء مشترک معنوی است بر مذہب اصح و
این راسہ مرتبہ است بشرط شئ وبشرط لا شئ

اوس شئے کا غیر ہوتا ہے اور جو واقعی غیر کا محتاج ہو
وہ ممکن ہے جیسا کہ کتب کلامیہ میں لکھا ہے اور معلوم
ہے کہ اگر حق تعالی کے لیے وجود کے سوا کوئی ماہیت
ہوگی تو بے شک وہ اپنی ذات و وجود مین غیر کا محتاج
ہوگا تو بحیثیت لزوم احتیاج بغیر اپنے وجود مین
مرکب ہوگا جو اون کے حسب اقرار مستلزم امکان ہے
تو اون کے قول سے لازم یہ ہے کہ اون کے نزدیک
بھی حقیقت واجب عین وجود محض موجود بذاتہ
متعین لذاتہ اور اپنے ماسوا سے غنی ہے اور اس
وقت اون کے قول کے موافق وجود محکوم علیہ ہوگا
اس لیے کہ وہ واجب اور ممکن مین ماہیت پر زائد
ہے اور یہی اوس اعتبار سابق کا مفہوم ہے کہ
وہ موجودات خارجیہ مین سے کسی کا عین نہین
بلکہ اوس کا وجود صرف ذہنی ہے اور اوس کے
معروضات مع اختلاف حقایق موجود خارجے
ہین اور اسی سے اون کے کلام کا اختلاف
دفع ہوتا اور اطمینان حاصل ہوتا ہے۔
غرضکہ علماء و متکلمین کے نزدیک بر مذہب
اصح وجود جز تحلیلی و معقول ثانوی و بدیہی التصور
اور سب سے مشہور اور مشترک معنوی ہے
جس کے تین مرتبے ہین بشرط شئے اور بشرط لا شئے

ولا بشرط شیٔ وہمین وجود است مرادف کون و
ثبوت وحصول کہ آن را ہستی نامند و وجود مطلقے
کہ عین ذات واجب الوجود است بمعنی تحقق و
حصول نیست زیرا کہ اینہا از معانی مصدریہ اند و
امور نسبیہ کہ آن را وجود خارجی نیست و وجود واجب
موجود فی الخارج است۔ محقق جامی در حاشیہ رسالہ
درۃ فاخرہ می فرماید اعلم ان معنی الوجود والکون
والثبوت والحصول والتحقق اذا ارید بھا
المعنی المصدری فمفہوم اعتباری من
المعقولات الثانیۃ التی لا یحاذیہا امر فی
الخارج وساق الکلام الی ان قال ولا یشک
عاقل فی ان الوجود بالمعنی المذکور یمتنع ان
یکون موجودا فضلا عن ان یکون حقیقۃ
الواجب تعالی الذی ھو مبدء الموجودات
فکیف یظن بالصوفیۃ القائلین بوحدۃ الوجود
وجوابہ انھم ارادوا بالوجود المعنی المذکور
لیورد علیھم ما یورد علی القول بھذا والذی
یفھم من تصفح کلام محققیھم ھو ان ھھنا امرا
اخر سوی الماھیات والوجود بالمعنی المذکور
بسبب اقترانہ بالماھیات وتلبسہا بہ یعرض
الوجود بمعنی الموجود للماھیات وذالک الامر

اور لا بشرط شیٔ اور یہی وجود کون وثبوت وحصول کا
مرادف ہے جسے ہستی کہتے ہین اور وہ وجود مطلق
جو عین واجب ہے تحقق وحصول کے معنے مین نہین
ہے کیونکہ یہ معانی مصدریہ وامور نسبیہ ہین جن کا
وجود خارجی نہین اور وجود واجب موجود خارجی
ہے۔ محقق جامی حاشیۂ رسالہ دُرّۂ فاخرہ
مین لکھتے ہین کہ معانی وجود وکون وثبوت وحصول
وتحقق سے جب معنی مصدری مراد لیے جائین تو مفہوم
اعتباری ہے اون معقولات ثانیہ سے جس سے کوئی
امر خارجی خالی نہین اور جب تک یہ نہ کہا جائے
بات ختم نہ ہوگی کہ واقعی عاقل کے نزدیک وجود بمعنے
مذکور کا موجود ہونا جب ممنوع ہے تو حقیقت واجب
تعالے جو موجودات کی مبدا ہے اوس سے بڑھی
ہوئی ہے تو صوفیہ قائلین وحدت وجود سے یہ
کیسے گمان کیا جائیگا اوس کا جواب یہ ہے کہ
اونھون نے وجود سے معنے مذکور مراد لیے ہین تاکہ
اون پر بھی وہی وارد ہو جو اس قول پر وارد ہوتا
ہے اور محققین صوفیہ کے کلام مین غور کرنے سے
جو بات سمجھ مین آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہان پر ماہیات
کے علاوہ ایک اور امر ہے اور وجود بمعنی مذکور بسبب اوسکی اقتران
اور تلبس بالماہیات کے وجود بمعنی موجود ماہیات کو عارض ہوتا ہے

الوجود حقيقة وهو حقيقة الواجب تعالى
والوجود بالمعنى المذكور اثر من آثاره وعكس
من انواره وهو متحقق في نفسه ومحقق لما
سواه قائم لذاته قيوم لما عداه ليس عارضاً
للماهيات بل الماهيات عارضة له قائمة
به على وجه لا يخل بكمال قدسه ونعت جلاله

انتهى پس معلوم شد که وجودیکه ایشان می گویند نه
این امر عقلی تحلیلی می خواهند که عقل انتزاع می کند
بلکه ایشان می گویند که چرا نتواند بود که این وجود
را ذاتے و حقیقتے باشد که لفظ وجود مطلقا چون اسم
باشد مراد را برائے تفهیم نه اسم حقیقی چنانچه شیخ
صدر الدین قونوی در کتاب مفتاح الغیب تصریح نموده
که این اسم حقیقی نیست بلکه تفهیمی است و موجب این
اطلاق آن که چون به مذهب ایشان اول اثرے که
از واجب تعالی صادر شد وجود عام مفاض است
که متکلمین آن را رحمت امتنانی گویند پس حقیقت
وجود باشد و نیز از ذات او تعالی غیر ازین مدرک
نمی شود که هست - آرے ؎

دور بینان بارگاه الست
بیش ازین پے نبرده اند که هست

پس بنا برین اسم وجود بران ذات اطلاق توان کرد

جس کی حقیقت وہ وجود ہے جو واجب کی حقیقت
ہے جس کے آثار سے وجود مذکور ایک اثر اور اسکے
انوار کا عکس ہے اور وہ بذاتہ متحقق اور اپنے ماسوا
کا محقق اور قائم لذاتہ اور ماسوا کا قیوم ہے ماہیات
کو عارض نہیں بلکہ ماہیات اوسے عارض ہیں
اور اوسی سے اس طرح قائم ہیں کہ اوس کے
کمال وصفت جلال کے منافی نہیں انتہے۔ تو
معلوم ہوا کہ جس وجود کو یہ کہتے ہیں اوس سے
نہ یہ امر عقلی تحلیلی چاہتے ہیں جس کا انتزاع عقل
کرتی ہے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ کیوں ایسا نہیں ہو سکتا
کہ اس وجود کی ایک ذات و حقیقت ہو جس کے
لیے صرف لفظ وجود بطور نام سمجھانے کے ہو نہ حقیقی
نام چنانچہ حضرت شیخ صدر الدین قونوی نے
کتاب مفتاح الغیب میں تصریح کی کہ یہ اسم
حقیقی نہیں بلکہ تفہیمی ہے جس کا سبب یہ ہے کہ
چونکہ اون کے نزدیک وہ پہلا اثر جو واجب
تعالی سے صادر ہوا وجود عام مفاض ہے
جس کو متکلمین رحمت امتنانی کہتے ہیں لہذا وہی حقیقت
و ذات وجود ہوگی جو صرف اسی قدر مدرک ہے کہ
ہے واقعی ؎ دور بینان بارگاہ الست الخ
اس لیے اسم وجود کو ذات پر بولنا چاہیے

چون اطلاق اعلام بر مسمیات بے ملاحظہ دلالت
لفظی کہ دران شائبہ وصف باشد وچون ظاہر
شد کہ مراد این جماعت از اطلاق وجود بر ذات
واجب تعالی چیست پس ہیچ اعتراض لازم
نیاید باز دران می گویند کہ این ہمہ اشیا مظاہر
او یند واین وجود وجود حق است مراد ایشان آنکہ
اشیا ہرگز وجود ندارند چنانچہ نہ داشتہ اند در
ازل الآزال واین وجود مدرک نہ وجود ایشان
بودہ است بلکہ پرتو وجود حق است کہ ظہور کردہ
در ایشان وایشان درین آن کہ موجود می نمایند
ہمچنان در علم ازلی ثابت اند وبوے وجود نشمیدہ
مثلاً ہرگاہ گویند کہ نور ماہ نور آفتاب است این
معنی ندارد کہ آفتاب باین نور کہ ماہ دارد منور است
تا محذورات نامحصور لازم آید بلکہ ماہ بذاتہ مظلم است
وہمیشہ بر تیرگی خود ثابت واین نور کہ دارد نور
آفتاب است بے آنکہ از آفتاب انفصالی یا تجزیہ
ونقص وحلول واتحادے لازم آید بلکہ ہمین مجرد
فیض واثر است وبرہمین ادراک خلقت ماہ وآفتاب
رابدین کیفیت فرمودہ وماہ راہمچو دیگر کواکب منور
نیافریدہ وچون شکے نیست کہ قاذورات در ضیاے
شمس تاثیرے ندارند پس از جہت مظاہر کثیفہ و

اعلام کا اطلاق مسمیات پر بے ملاحظہ دلالت لفظی
کہ جس مین شائبہ وصف ہو اور جب معلوم ہو گیا
کہ ذات واجب پر وجود کے اطلاق سے ان کا کیا مطلب
ہے تو پھر کوئی اعتراض لازم نہین آتا۔ پھر کہتے ہین کہ
یہ سب اوس کے مظاہر ہین اور یہ وجود حق کا وجود
ہے اون کا مطلب یہ ہے کہ اشیا جس طرح ازل سے
نہین تھین اب بھی نہین ہین یہ وجود اون کا ذاتی
نہین ہے بلکہ وجود حق کا پرتو ہے جسنے ان مین ظہور
کیا ہے اور یہ جیسی اب معلوم ہوتی ہین ایسی ہی علم
ازلی مین بھی ہین مثلاً کہین کہ ماہتاب کا نور آفتاب
کا نور ہے تو اس کے یہ معنے نہ ہونگے کہ آفتاب ماہتاب
کے نور سے منور ہے کیونکہ اس سے بہت دشواریان
لازم آئین گی بلکہ ماہتاب بذاتہ تاریک ہے یہ نور
جو اوس مین ہے آفتاب کا نور ہے بغیر اسکے
آفتاب سے انفصال یا تجزیہ ونقص حلول واتحاد
لازم آئے بلکہ یہ صرف فیض واثر ہے اور اسی ادراک
پر ماہ وآفتاب کو اسی کیفیت سے پیدا کیا
اور ماہتاب کو باقی ستارون کی طرح
منور نہین کیا اور اس مین شک
نہین کہ ضیاے آفتاب مین
کثافت مؤثر نہین لہذا مظاہر کثیفہ اور

ردیہ ہیچ محذورے لازم نیاید کہ این ہمہ نسب و
اضافات اعتبارے ندارند اکنون معنی قول ایشان
بشنو کہ وجود را مثل کلی طبعی گفتہ اند پس نزد اذکیا
مخفی نیست کہ کلی طبعی مختلف فیہ است در موجودیت
و حکما بر وجودش رفتہ اند و متکلمین بر آنند کہ
وجود کلی طبعی وجود افراد ست و این اختلاف
در کتب مسطور است و تفصیل این از حواشی شرح
تجرید آرزو توان داشت اصل حال باید شنید کہ
قائلان وحدت وجود این قضیہ را منعکس گفتہ اند
کہ کلی طبعی موجود است نہ افراد او چنانکہ بالا رفتہ
کہ نور ماہ نور آفتاب است و متفطن ذکی اگر تامل
نماید در مشخصات کہ عوارض اند و بہ حقیقت مابہ الامتیاز
میان زید و عمرو برسد ہرگز انکار سخن این طائفہ
نہ نماید و شیخ الرئیس در اشارات بعد از آنکہ نفی
انحصار موجود بودن در محسوس بودن نمودہ این
معنی را بیان می فرماید کہ امرے مشترک میان
افراد انسان مدرک می شود کہ میان زید و فرس
نیست کہ آن امر موجود است و معروض مشخصات
و ہرگاہ این سخن درست آید کہ این طائفہ بدان
قائل اند پس درست آید کہ وجود واجب تعالی
چون کلی طبعی است و چون کلی برائے آن گفتہ کہ

ردیہ کی وجہ سے کوئی خلاف قیاس لازم نہ آئیگا
کیونکہ یہ سب نسب و اعتبارات بے اعتبار ہین اب
اونھون نے وجود کو جو مثل کلی طبعی کہا ہے
اوس کے یہ معنی ہین کہ عقلاء کے نزدیک کلی
طبعی کا وجود اختلافی ہے حکما تو قائل ہین اور
متکلمین کا یہ خیال ہے کہ وجود کلی طبعی وجود
افراد ہے اور یہ اختلاف کتابون مین لکھا ہے
جس کی تفصیل حواشی شرح تجرید مین دیکھنا
چاہیے اصل حال سننا چاہیے کہ قائلین وحدت
وجود اس قضیہ کو برعکس کہتے ہین یعنی کلی طبعی
موجود ہے مگر اوس کے افراد موجود نہین چنانچہ
پہلے ذکر کیا جا چکا کہ ماہتاب کا نور آفتاب کا نور ہے
اور عقلمند اگر مشخصات یعنی عوارض مین غور کرے
اور حقیقت امتیازی زید و عمر معلوم کرلے تو کبھی اس گروہ
کے کلام کا انکار نہ کرے شیخ الرئیس اشارات مین
اس نفی کے بعد کہ موجود ہونا محسوس ہونے مین منحصر نہین
ہی فرماتے ہین کہ ایک امر مشترک افراد انسان مین مدرک
ہوتا ہے جو زید و فرس مین نہین ہے اور وہ امر موجود و معروض
مشخصات ہے اور جب یہ بات درست ہوگی جس کے
یہ گروہ قائل ہین تو پھر یہ بھی ٹھیک ہوگی کہ واجب
تعالی کا وجود مثل کلی طبعی ہے لفظ مثل اسلیے کہا کہ وہ

کلی نیست کہ موجودات افرادش باشند تعالی اللہ
عن ذالک بلکہ مراد این کہ ہمچنانکہ کلی طبعی موجودات
فی الحقیقت وافرادش بوجود او موجود می نمایند
کہ اگر وجود انسان نبودے افرادش موجود نبودے
کذلک این موجودات بوجود حق موجود اند کہ اگر
وجود حق نبودے وجود موجودات نبودے
پس بنابراین کہ کلی طبعی موجود باشد وافرادش
موجود نباشند مگر بوجود او بر سخن ایشان ہیچ
لازم نمی آید وازین کہ بنابر اصطلاح طائفہ سخن
دیگر درست نباشد ہیچ لازم نیاید چہ ہر کس
بہ اصطلاح خود سخنے می گوید ولا مشاحۃ فی
الاصطلاح وبعضی سوال کردہ اند کہ وجود شما
عین ماہیت نیست وبیشک وجود نیز ماہیتے است
از ماہیات وموجود است پس وجود او نیز عین
ماہیت نباشد بلکہ غیر باشد واز نقل سخن بر آن
وجود تسلسل لازم آید جواب آن ست کہ ماہیت
وجود این ست کہ وجود است نہ امرے دیگر و
این کہ ماہیتے موجود است این معنی
دارد کہ وجود است موجود و این کہ از وجود
او تسلسل لازم مے آید این تسلسل در
امر اعتباری ست کہ بانقطاع اعتبار منقطع

کلی نہین ہے جس کے افراد موجودات ہون بلکہ یہ مطلب
ہے کہ جس طرح حقیقتاً کلی طبعی موجود اور اوس کے
افراد اوس سے موجود معلوم ہوتے ہین کہ اگر انسان
کا وجود نہ ہوتا تو اوس کے افراد بھی نہ ہوتے اسی طرح
یہ موجودات وجود حق سے موجود ہین کہ اگر حق کا
وجود نہ ہوتا تو ان کا وجود بھی نہ ہوتا تو اوس
بات پر اعتراض نہین ہو سکتا کہ کلی طبعی تو موجود
ہو اور اوس کے افراد بلا اوس کے موجود نہ ہون
اور یہ کہ اس گروہ کے حسب اصطلاح دوسرے
گروہ کی بات ٹھیک نہین یہ لازمی نہین
کیونکہ ہر شخص اپنی اصطلاح کے موافق کہتا
ہے جس مین کوئی حرج نہین بعض یہ سوال
کرتے ہین کہ تمھارا وجود عین ماہیت نہین
اور واقعی وجود بھی منجملہ ماہیات ایک ماہیت
ہے اور موجود بھی تو اوس کا وجود بھی عین
ماہیت نہ ہوگا بلکہ غیر ہوگا اور اس سے
تسلسل لازم آتا ہے جواب یہ ہے کہ ماہیت وجود
بجز وجود کچھ نہین اور یہ کہ ایک ماہیت
موجود ہے اس کے یہ معنے ہین کہ وجود موجود
ہے اور اوس کے وجود سے جو تسلسل لازم آتا
ہے وہ اعتباری ہے جو قطع اعتبارات سے منقطع

می شود و این کہ وجود وجود می گویند آن ادراک
وجود واست یعنی عقل ہر چہ ادراک کرد آن موجود
عقلی شد پس چون وجود را ادراک کرد او را موجود
می گوید و این وجود وجود نیست الا عین ماہیت
و ماہیت وجود نیست الا وجود و موجود نیست الا
وجود چنانچہ قدوۃ المتاخرین ملا جلال الدین محمد
دوانی درین معنی فرمودہ ؎

چون ہست ثبوت بر صفت فرع وجود
پس غیر وجود نہ باشد موجود
گفتیم بطریق عقل رمزے با تو
باشد کہ رسی بذوق ارباب شہود

اگر سائلے گوید کہ شما گفتید کہ ممکنات ماہیات موجودہ
اند کہ وجود ایشان زائد است بر ماہیت ایشان
واز این سخن کہ نقل کردید لازم آید کہ یا وجود عین
ممکنات موجودہ باشد یا ممکنات موجودہ نباشند
این ہر دو نمیتواند بود زیرا کہ شما خود بدلیل ثابت
نمودید کہ وجود عین ماہیت نیست و وجود ممکنات
محسوس است و انکار حس نمی توان نمود پس چگونہ
غیر وجود موجود نہ باشد حالانکہ عالم اجسام محسوس
است و عالم مجرد معقول و انکار وجود اینہا غلط است
جواب گوئیم کہ نزد عقل اغلاط حس مقرر است چنانچہ

ہو جاتا ہے اور جسے وجود وجود کہتے ہیں ۔ وہ
ادراک وجود ہے یعنی جو عقل نے ادراک کیا
وہ موجود عقلی ہوا جب وجود کا ادراک
کیا اوس کو موجود کہا اور یہ وجود وجود
عین ماہیت ہے ۔ اور ماہیت نہ وجود وجود
ہے اور موجود بھی وجود کے سوا کوئی
نہیں چنانچہ قدوۃ المتاخرین ملا
جلال الدین محمد دوانی نے اسی کے متعلق
فرمایا کہ ؎ چون ہست ثبوت بر صفت
الخ ۔ اگر کوئی پوچھے کہ تم نے تو کہا کہ ممکنات
ماہیات موجودہ ہیں جن کا وجود اون کی
ماہیت پر زائد ہے اور اس سے تو لازم آتا
ہے کہ یا تو وجود عین ممکنات موجودہ ہو
یا ممکنات موجود نہ ہوں اور یہ ہو نہیں سکتا
کیونکہ تم نے خود اپنی دلیل سے ثابت کر دیا
کہ وجود عین ماہیت نہیں ہے اور وجود
ممکنات محسوس ہے حس سے انکار نہیں
ہو سکتا تو غیر وجود کیسے موجود نہ ہوگا حالانکہ
عالم اجسام محسوس ہے اور عالم مجرد
معقول جس کے وجود کا انکار غلط ہے جواب
میں کہوں گا کہ عقلا حس سے غلطی ہوتی ہی چنانچہ

متحرک سریع را ساکن می بیند پس مطلق محسوس
ممکن الغلط است مادام که عقل اثباتش نه کند
پس موجود در حس می تواند بود که موجود فی نفس الامر
نه باشد مثل خطوط که از قطرات باران در حس
موجود اند و دائرهٔ آتش که از سرعت حرکت شعلهٔ
جواله مرئی می شود پس ممکن است که همچنانچه
دائرهٔ آتش قائم است بآن حرکت که فعل آن
شخص است و فی نفس الامر موجود نیست اما در نظر
موجود می نماید کذلک این عالم قائم باشد به فعل
واجب که آن اظهار و ایجاد ست و چون اثر فعل
واجب است و آن فعل صادر از اسم است و منشأ
اسم صفت است و صفت قائم بذات پس در نظر
می نموده باشد و فی نفس الامر نه باشد و عقل و ادراکش
نیز ازین عالم باشد و حکم به محال بودن این امکان
تحکم است بدون برهان و جمیع براهین عقلی ازین
عالم اند پس چون این ممکن باشد و از فرض وقوع
ممکن هیچ محال لازم نمی آید پس ما را می رسد
که فرض وقوع این امکان کنیم پس عالم بغیر همین نمود
نه باشد و غیر از وجود هیچ موجود نه باشد و اشعار
باین معنی در شرع بسیار وارد است از انجمله حدیث

اصدق کلمة قالها الشاعر قول لبید ؎

متحرک سریع کو ساکن دیکھتا ہے لہذا مطلق
محسوس ممکن الغلط ہے جب تک عقل اوسے ثابت
نہ کرے تو موجود حسی ممکن ہے کہ موجود واقعی نہو
جیسے خطوط جو بارش کے قطرون سے محسوس
ہوتے ہین یا آگ کا دائرہ جو شعلۂ جوالہ کی تیز
حرکت سے معلوم ہوتا ہے تو ممکن ہے کہ جس
طرح دائرۂ آتشی اوس حرکت سے قائم
ہے جو اوس شخص کا فعل ہے واقعی موجود
نہین مگر نظر مین موجود معلوم ہوتا ہے اسی
طرح یہ عالم فعل واجب سے جو اظہار و ایجاد
ہے قائم ہوا اور چونکہ فعل واجب کا اثر ہے اور
وہ فعل اسم سے صادر ہے اور اسم کا منشاء
صفت ہے اور صفت ذات مین قائم ہے لہذا
دیکھنے سے دکھائی تو دیتا ہے مگر واقعی نہین ہوتا
اور عقل کا ادراک بھی اسی عالم سے ہے اور اس امکان
کے محال ہونے کا حکم دعواے بلا دلیل ہی اور کل دلائل
عقلی اسی عالم سے ہین تو جب یہ ممکن ہوگا اور فرض
وقوع ممکن سے محال لازم نہ آئیگا تو ہم اس امکان کا
وقوع فرض کر سکتے ہین لہذا عالم محض نمود ہے بود ہے
وجود کے سوا کچھ موجود نہین جسکی خبر شرع نے بھی اکثر دی ہے

از انجملہ یہ حدیث ہی کہ لبید شاعر کا یہ قول سچ ہے

الا کل شیٔ ما خلا اللہ باطل ٭ ونزد صوفیہ
بہ کشف ثابت است وبسیارے از علماء ظاہر
برین معنی اطلاع یافتہ اند واین کہ سابقاً جمیع
موجودات راگفتہ ام موجود بہ وجود حق آنچنانست
کہ ماہ را منور بہ نور آفتاب می گویند وہیچ محذور نیست
واین کہ وجود مطلق را کالکلی الطبعی می گویند
بواسطۂ آن ست کہ در مذہب ایشان افراد
نوع موجود بوجود حقیقت نوعیہ اند مثلاً زید وعمر
وخالد موجود بوجود انسان اند نہ انسان بہ وجود
آنہا چنانچہ مذہب علما است وچون اعتبار
کلیت وجزئیت آنجا نیست بلکہ ظہور ومظاہر است
کالکلی می گویند بطریق تشبیہ برای تفہیم وظہور صورت
واحدہ در مرایاے متکثرہ وماہیات اشیا را کہ اعیان
ثابتہ می نامند چون مرایا می گویند وحقیقت وجود
را بمنزلۂ صورت ظاہر دران مرایا کہ ہیچ شائبۂ
حلول واتحاد ونقصان وتجزیہ وغیرہا دران نیست
وچون حقایق اشیا کہ اعیان ثابتہ وصور علمیہ اند
نزد این طائفہ بوے وجود نہ شمیدہ اند وبجز وجود
حق وفیض او ہیچ موجودے نیست پس احتیاج
بہ ادلہ در اثبات توحید ندارند چہ ہر چیز کہ در خیال و
وہم نیز در آید ہمہ داخل در تعینات ست واز جملہ

کہ اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے حضرات صوفیہ
کے نزدیک بھی کشف سے یہ ثابت ہے۔ اور اکثر
علماے ظاہر بھی اس پر مطلع ہوئے ہین اور مین نے
سابقاً جو تمام موجودات کو وجود حق سے موجود کہا
وہ یون کہ جیسے ماہتاب کو نور آفتاب سے منور کہتے
ہین یہ کچھ خلاف قیاس نہین اور وجود مطلق کو
مثل کلی طبعی اس لیے کہتے ہین کہ اون کے مذہب
مین افراد نوع حقیقت نوعیہ کے وجود سے موجود
ہین مثلاً وجود انسان سے زید وعمر وخالد موجود
ہین نہ خود انسان اون سے موجود جیسا کہ علماء کا مذہب
ہے اور چونکہ وہان کلیت وجزئیت کا اعتبار نہین ہے
بلکہ ظہور ومظہر ہین اس لیے مثالاً سمجھانے کے طور پر
کلی کی طرح کہتے ہین اور ایک صورت کے بہت سے
آئینون مین ظاہر ہونے کو اور ماہیات اشیا کو جنھین
اعیان ثابتہ کہتے ہین آئینون کی طرح کہتے ہین
اور حقیقت وجود کو بمنزلہ صورت جو اون مین ظاہر ہے
جس مین کچھ بھی شائبہ حلول اتحاد نقصان وتجزیہ کا
نہین اور جب حقائق اشیا یعنی اعیان ثابتہ وصور
علمیہ موجود ہی نہین اور وجود حق اور اوسکے فیض کے
سوا کچھ بھی نہین تو اثبات توحید مین دلیلون کی بھی ضرورت نہین
کیونکہ جو کچھ وہم وخیال مین آئی وہ سب تعینات مین داخل اور

مراتب ظہور وجود است و وجود مطلق را وحدت نسبت
زائد بر ذات و آن عبارت است از اعتبار آن وجود
من حیث ہو ہو و این وحدت صفت او نیست
بلکہ عین اوست و این وحدت را باعتبار نفی جمیع
اعتبارات مرتبۂ احدیت می نامند و بہ اعتبار ثبوت
آن اعتبارات مرتبۂ واحدیت و نزد این طائفہ
صفات عین ذات اند بحسب وجود و غیر ذات بحسب
تعقل و شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ کہ
قدوۂ این طائفہ است در مصنفات خود می فرماید
کہ ذوات ما ناقص اند و بہ صفات کامل می شوند
اما ذات حق سبحانہ کامل است و در ہیچ چیز ہیچ
چیز احتیاج ندارد زیرا کہ احتیاج در چیزے بچیزے
از نقصان ست و نقصان لایق جناب قدس نے
نسبت با معلومات علم است و نسبت با مقدورات
قدرت و نسبت با مرادات ارادت و آن ذات
واحد است ہیچ دوئی بوجہے از وجوہ در وے نیست
شیخ اکبر در فص ادریسی از فصوص الحکم می فرماید
کما فی شرحہ للقیصری و لذلک نقول فیہ
ہو لا ہو و انت لا انت ای نقول فی کل مظہر
انہ ہو عین الحق فیحملہ علیہ حمل المواطاۃ
و یسلبہ عنہ بقولنا لا ہو و نیز در ہمان فص ست

وجود کے مراتب ظہور سے ہے اور وحدت وجود مطلق
زائد بر ذات ہے جس سے مطلب اوس کا اعتبار
بحیثیت وجود ہے اور یہ وحدت اوس کی صفت نہین
ہے بلکہ عین ہے اور اسی کو باعتبار نفی تمام اعتبارات
کے مرتبۂ احدیت کہتے ہین اور بلحاظ ثبوت اعتبارات
مرتبۂ واحدیت اور اس گروہ کے نزدیک بحسب وجود
صفات عین ذات ہین اور بحسب تعقل غیر ذات
سرگروہ صوفیہ حضرت شیخ اکبر قدس سرہ اپنے تصنیفات
مین فرماتے ہین کہ ہماری ذاتین ناقص ہین جو صفات
سے کامل ہوتی ہین مگر ذات حق کامل ہے کسی
بات مین کسی چیز کی محتاج نہین کیونکہ احتیاج نقص
ہے اور وہ نقص سے منزہ ہے بہ نسبت معلومات
علم ہے اور بہ نسبت مقدورات قدرت اور بہ نسبت
مرادات ارادت اور ایسا ایکتا ہے جسمین کسی طرح کی
دوئی نہین حضرت شیخ اکبر فص ادریسی فصوص الحکم
مین فرماتے ہین۔ چنانچہ قیصری شرح فصوص
مین ہے کہ اسی لیے ہم اوس کے متعلق کہتے ہین
کہ وہ ہے نہ وہ اور تو ہے نہ تو یعنی ہم ہر مظہر کو
عین حق کہتے ہین تو اوس کو اوسپر بہ حمل
مواطاۃ حمل کرین گے اور یہی ہمارے قول لا ہو
سے مسلوب ہو جائے گا نیز اوسی فص مین ہے

لایقال هی ای صور المجالی هو لا هی غیره
وحضرت مصنف در شرح فص مذکور میفرماید که
چون اسم عین مسمی است آن را غیر نتوان گفت
وچون غیر است عین نه توان گفت پس لا عین
باشد ولا غیر باز بشنو که ماتن چه می فرماید

کہ صور مجالی کو نہ ہم اون کا عین کہہ سکتے ہین نہ غیر
اور حضرت مصنف شرح فص مذکور مین لکھتے ہین کہ
چونکہ اسم عین مسمی ہے لہذا غیر نہ کہنا چاہیے اور چونکہ غیر
ہے عین نہ کہنا چاہیے تو نہ عین ہوگا نہ غیر پھر
سننا چاہیے کہ ماتن کیا فرماتے ہین۔

قوله قال الشیخ ابن العربی فی الفص الشعیبی وما احسن ما قال الله فی حق العالم و
تبدله مع الانفاس فی خلق جدید فی عین واحدة فقال فی حق طائفة بل اکثر العالم
بل هم فی لبس من خلق جدید فلا یعرفون تجدید الامر مع الانفاس لکن قد عثرت
علیه الاشاعرة فی بعض الموجودات وهی الاعراض وعثرت علیه الحسبانیة فی العالم
کله وجهّلهم اهل النظر باجمعهم ولکن اخطأ الفریقان

اقول شیخ قدس سره از برای دو مناسبت
بہ کلمۂ تعجب درین جا تلفظ فرموده وبیان تبدل
عالم مع الانفاس در خلق جدید بر عینی واحد
به اہل نظر نموده یکی آنکه از اول فص تا به آخر
سخن در تقلبات قلب رانده بود ہر تقلبی مناسب
عالمی از عوالم قلب وچون عالم نیز لایزال در
تقلب وبنداست از صورت بصورت واز
حالت بحالت مناسب چنان بود که تنبیهی کنند
بر آن که عالم نیز در ہر نفس متبدل می گردد وبصور
مختلفه ظاہر می شود واین اختلافات وتقلبات
جمله بر عینی واحد وارد می گردند که آن جوہر است

حضرت شیخ نے بوجہ دو مناسبتون کے اس مقام پر کلمۂ
تعجب کلام فرمایا ہے اور ایک ہی ذات مین نئی تخلیق
سے عالم کا مع انفاس تبدیل ہونا بیان کر کے اہل نظر کے
لیے روشن کر دیا ہے پہلی مناسبت یہ ہے کہ شروع فص
سے آخر فص تک تقلبات عالم کے متعلق کہا تھا کہ ہر ایک
تقلب ایک عالم کے مناسب عوالم قلب سے ہے اور
چونکہ عالم بھی ہمیشہ ایک صورت سے دوسری صورت
اور ایک حال سے دوسرے حال کے تقلب وقید مین ہے
تو اس بات سے آگاہ کرنا چاہیے تھا کہ ہر گھڑی عالم
بھی بدلتا اور مختلف صورتون پر ظاہر ہوتا ہے اور تمام
اختلافات وتبدیلیان ایک ذات پر ہوتی ہین جو جوہر ہے

مستشهدا بقوله تعالی بل هم فی لبس من
خلق جدید و دیگر آن که چون از پیش بیان
تشابه صور ارزاق و تشابه صور تجلیات کرده بود
مستشهد بقوله تعالی واتوا به متشابها و گفته
بود که از غایت لطافت حجاب و نهایت تشابه
صور شعور بران متعذر است انسان که عالم صغیر است
و عالم که انسان کبیر است دائم در ترقی است خواست
تا عام تر ازان نیز باز نماید و آن تبدل عالم است
در خلق جدید و تغیر او ابدا و هر آئینه هر چه متغیر بود
متبدل باشد بعینه من الآنات لیس در هر آنی
آن متعین نماید که آن آن دران آن سابق بود
و لیکن آن حقیقت واحده که این تغیرات و تبدلات
بر وی طاری می شوند بحال وحدت خود است و
آن جمله تبدلات و تغیرات اعراض بود و این کس
ازان [illegible] که هم فی لبس من خلق جدید
نه طائفهٔ اهل نظر تنها ازین غافل اند بلکه اکثر اهل
عالم ازین غافل و باین معنی جاهل اند و این معنی
ازان جمله ملتبس شده است که عوارض متشابه الصور
اند و حق آن ست که با اهل عرفان است و حاصل
این بحث آن که حق است که مشهود است دائما
در تجلیات متوالیات و عالم است که مفقود است

بدلیل آیت بل هم فی لبس الخ دوسری مناسبت
یہ ہے کہ چونکہ قبل اس بیان کے تشابہ صور ارزاق و
تشابہ صور تجلیات بدلیل آیت واتوا به متشابها
کیا اور فرمایا تھا کہ بوجہ لطافت حجاب و تشابہ صور
اوس کا شعور دشوار ہے انسان یعنی عالم صغیر
اور عالم یعنی انسان کبیر ہمیشہ ترقی مین ہین تو
چاہا کہ اوس سے بھی زیادہ عام ظاہر کرین
جو خلق جدید مین تبدل عالم اور اوس کا تغیر
ابدی ہے اور واقعی جو چیز متغیر ہوگی وہ بعینہ
مع الآنات متبدل ہوگی تو ہر آن اوسی آن
سے متعین معلوم ہوگی جو اوس آن سابق
مین تھی لیکن وہ ایک حقیقت جس پر یہ تغیرات
و تبدلات طاری ہوتے ہین اپنی وحدت
پر ہے اور تمام تبدلات و تغیرات اعراض
ہین جس سے یہ شخص غافل ہے کہ هم فی لبس الخ
نہ صرف گروہ اہل نظر ہی اس سے غافل
ہے بلکہ اکثر لوگ اس سے جاہل ہین اور یہ معنی
اسی لیے مشتبہ ہوے کہ عوارض متشابہ الصور
ہین اور حق اہل عرفان کے ساتھ ہے
اس بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ حق ہی ہمیشہ
تجلیات متواتر مین مشہود اور عالم مفقود ہے

ہر لحظہ بل ہر لمحہ فانی می گردد و خلع صورتے می کند
و بآن دیگر بلبسوت صورتے دیگر بر می آید کہ ہرگز
مکرر نمی گردد اما نہ پنداری کہ اہل نظر قطعاً برین شعور
نہ یافتند بل یافتہ اند اما باز گم کردند و کماہی بدان
واقف نہ گشتند چنانچہ می فرماید لکن قد عثرت
علیہ الاشاعرۃ الخ مفہوم سخن شیخ قدس سرہ این
باشد کہ کسانے کہ باین معنی شعورے یافتند و
باز در غلط افتادند دو طائفہ اند یکے اشاعرہ
کہ اثبات اعراض کردند و تبدل آن و تمسک باین
حجت کہ العرض لا یبقی زمانین و دیگر حسبانیہ
کہ اہل نظر ایشان را سوفسطائیہ می خوانند کہ
بہ تبدیل در جمیع عالم قائل اند مع الآنات اما قائل
نیستند کہ آن حقیقت احدیت است کہ قابل این
صور متکثرہ است بحکم تجلیات نامتناہیہ و تبدل
صورت و اہل نظر خود ہمہ را تجہیل می کنند و حالانکہ
ہیچ یک از ان بہ حقیقت حال اطلاع ندارند و ہر دو
طائفہ باوجود عثور بہ بعضے ازین سر در محض خطا اند
چرا کہ در حجاب پندارند و حقیقت سر آن نیست کہ ایشان می پندارند

ہر لحظہ و لمحہ فانی ہوتا اور خلع صورت کرتا اور دوسرے
وقت دوسری صورت پر ظاہر ہوتا ہے جو مکرر نہین
ہوتی لیکن یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ اہل نظر کو قطعی اسکا شعور
نہین ہوا بلکہ ہوا ہے مگر کھو دیا ہے اور اوس کی
پوری حقیقت سے واقف نہین ہوے چنانچہ
فرماتے ہین کہ اشاعرہ نے بعض موجودات یعنی اعراض
مین شعور کیا الخ حضرت شیخ کا مفہوم یہ ہے کہ جو مطلع
ہوے اور پھر غلطی مین پڑگئے وہ دو گروہ ہین ایک
اشاعرہ جنھون نے اعراض کا تبدل اس دلیل سے ثابت
کیا کہ العرض لا یبقی زمانین دوسرے حسبانیہ جن کو
اہل نظر سوفسطائیہ کہتے ہین جو تمام عالم مین ہر وقت
تبدیلی کے تو قائل ہین مگر اسکے قائل نہین کہ حقیقت
احدیت ہی ان صور متکثرہ کی قابل بحکم تجلیات نامتناہیہ
و تبدل صورت ہے اور اہل نظر سب کی جہالت بیان
کرتے ہین حالانکہ انہین سے کوئی بھی حقیقت حال پر
مطلع نہین اور دو نو گروہ باوجود اوسکے بعض اسرار پر
مطلع ہونے کے محض غلطی پر ہین کیونکہ حجاب پندار
مین ہین اس راز کی حقیقت وہ نہین ہے جو یہ سمجھتے ہین

قولہ اما خطأ الحسبانیۃ فبکونہم ما عثروا مع قولہم بالتبدل فی العالم باسرہ علی احدیۃ
عین الجوہر المعقول الذی قبل ہذہ الصور ولا یوجد الا بہا کما لا تعقل الا بہ فلو
قالوا بذلک فازوا بدرجۃ التحقیق فی الامر

اقول امابیان خطار حسبانیه این که نداشته اند
که آن حقیقت حق و هویت مطلق است که عین
آن جوهر معقول است که او قابل صور گشته است
و نامش عالم شده و این هر دو که به حقیقت کلیت
خیان متصل و متحد اند که آن هر دو را در خارج
بی آن صورت نتوان یافت و آن صورت
در ذهن بی آن جوهر تعقل نتوان کرد چنانچه
در مشاهده می بینی که تعقل هیچ یکی از موجودات
عند التعریف نمی توان کرد الا به جوهر اگر حسبانیه
این معنی را میدانستند و بانچه اهل عرفان
می گویند قائل می گشتند بدرجهٔ عالیهٔ تحقیق
می رسیدند و حقیقت امر چنانچه آن است
می دریافتند و حاصل قول ایشان این می بود
که جوهر شئی واحد است که صور عالم بوی طاری
میگردند و موجودات متعینه متکثره می شوند و آن
جوهر عین حق است که بتجلی او عالم ظاهر می شود
والله اعلم

حسبانیہ کی خطا یہ ہے کہ انھوں نے یہ نہ جانا کہ
وہ حقیقت حق و ہویت مطلق ہے جو اوس جوہر
معقول کی عین ہے جو قابل صور ہوئی اور اوس کا
عالم نام ہوا ہے اور یہ دونوں حقیقتاً ایک اور ایسے
متصل و متحد ہیں جن کو خارجاً بغیر اوس صورت
کے نہیں پا سکتے اور وہ صورت ذہنی بغیر
اوس جوہر کے تعقل نہیں کی جا سکتی چنانچہ
مشاہدہ دیکھا جاتا ہے کہ تعریف کے وقت کسی
موجود کا تعقل بلا جوہر کے نہیں کر سکتے اگر یہ معنے
حسبانیہ جانتے اور عرفا کا قول مانتے تو
درجۂ تحقیق تک پہونچتے اور حقیقت حال معلوم
کرتے اوس وقت اون کے قول کا خلاصہ یہ
ہوتا کہ جوہر شے ایک ہے جس پر صور عالم
طاری ہوتے ہیں اور موجودات متعینہ
متکثرہ ہوتے ہیں اور وہ جوہر عین حق
ہے جس کی تجلی سے عالم ظاہر ہوتا ہے
واللہ اعلم

قوله واما الاشاعرة فما علموا ان العالم كله مجموع اعراض فهو يتبدل في كل
زمان اذ العرض لا يبقى زمانين

اقول امابیان خطار اشاعره که در تبدل اعراض
دانستن است و بس این ست که ایشان ندانستند

اور خطاء اشاعرہ جو صرف تبدل اعراض
جاننے سے ہے یہ ہے کہ انھوں نے یہ نہ جانا

که همه عالم بجملته عبارت است از اعراض مجتمعه
ظاهره در ذات احدیت که او بمنزلهٔ آئینه باشد
آن جمله را و ظهور بے وجود آئینه ممکن نیست و جمله
ظهورات وجودات اعتباری اند که در هر آن متبدل
می گردند و اگر اشاعره چنانچه بر تبدل اعراض
حکم می کنند حکم می کردند بر آن که اعیان موجودات
نیز متبدل می گردند پس لا یبقے زمانین علی
حالة واحدة بر اعراض و آنچه آن را جوهر
می نامند صادق می کردند نیز از فایزین می بودند
لیکن ایشان نیز بحسبانیه ازین معنی غافل اند
و جز ذات احدیت که ظاهر است به صورت
جوهریت و قائم به نفس خود و مقوم غیر خود
اثبات جواهر می کنند و از حقیقت توحید محجوب اند
و این سخن مدعاے عارف موحد است که هرچه
ایشان جواهر نام نهاده اند جز اعراض نیند و جوهر
جز یک حقیقت واحدیت نیست و تصویر این مسئله
آن که یک حقیقت است که متلبس می شود به صور و
اعراض عالم و موجودات متعینه می نماید و ظهوریت
او در مراتب کونی جز باین صور و اعراض چنانکه
وجود نیست اینها را در خارج بدون او سے
سوفسطائی که از خرد بیخبر است ؎ گوید عالم خیالی اندر گذر است

کہ عالم تمام اعراض مجتمعہ ظاہرہ بذات
احدیت سے مراد ہے جن کے لیے ذات احدیت
بمنزلۂ آئینہ ہے اور بلا وجود آئینہ ظہور ممکن نہیں اور
تمام ظہورات کے وجودات اعتباری ہیں جو ہر آن
بدلتے رہتے ہیں اور اگر اشاعرہ تبدل اعراض کی
طرح یہ بھی کہتے کہ اعیان موجودات بھی بدلتے رہتے
ہیں اور لا یبقے زمانین کو اعراض نیز جواہر پر
صادق کرتے تو مطلب پر پہونچتے مگر یہ بھی حسبانیہ
کی طرح اس معنے سے غافل ہیں اور علاوہ ذات
احدیت کے جو بصورت جوہریہ ظاہر اور اپنی ذات سے
قائم اور غیر کی مقوم ہے اثبات جواہر کرتے ہیں اور
حقیقت توحید سے محجوب ہیں اور یہ بات عارف
موحد کے مطلب کی ہے کہ جن چیزوں کو یہ جواہر
کہتے ہیں وہ صرف اعراض ہیں جوہر حقیقت
واحدیت کے سوا کوئی نہیں۔ اس مسئلہ
کی صورت یہ ہے کہ ایک حقیقت ہے جو صور و
اعراض عالم سے متلبس ہوتی ہے اور موجودات
متعینہ متعدد معلوم ہوتے ہیں ان صور و اعراض
کے سوا اوس کا ظہور مراتب کونی میں نہیں ہے
جس طرح بغیر اوس کے ان کا وجود خارجی نہیں
سے سوفسطائی کہ از خرد بیخبر است - الخ

آری عالم همه خیال ست ولے پیوسته در حقیقتی جلوه گر است
اما ارباب کشف و شهود می بینند که حضرت حق
در هر نفسے متجلی است به تجلی دیگر و در تجلی او تکرار
اصلا نیست یعنی در دو آن به یک شان و تعین
متجلی نمی گردد بلکه در هر نفسے به تعینے دیگر ظاهر
می شود و در هر آنے بشانے دیگر تجلی می کند و ستر
درین آن ست که حضرت حق را اسماء متقابله اند
بعضے لطفیه و بعضے قهریه و همه دائما در کار اند و تعطل
بر هیچ یک جایز نه پس چون حقیقتے از حقایق
امکانیه بواسطه حصول شرائط و ارتفاع موانع مستعد
وجود می گردد رحمت رحمانیه او را در می یابد و بروے
افاضه وجود می کند و ظاهر وجود بواسطه تلبس به آثار
و احکام آن حقیقت متعین می گردد و بخصوصیت
همان تعین متجلی می شود بعد از ان بسبب قهر
احدیت حقیقی که مقتضی اضمحلال تعینات و آثار کثرت
صوریست آن تعین منسلخ می گردد و در همان
انسلاخ بمقتضاے رحمت رحمانیه به تعینے دیگر
که مماثل تعینے سابق باشد متعین می گردد و در
آن ثانی بقهر احدیت مضمحل می گردد و به تعینی دیگر
برحمت رحمانیه حاصل می نماید و هکذا دائما الی ماشاء الله
پس در هیچ دو آن بیک تعین و یک شان تجلی

مگر ارباب کشف و شهود یہ دیکھتے ہین کہ حضرت حق
ہر آن نئی تجلی سے متجلی ہے جس مین تکرار نہین
یعنی دو آن مین ایک تعین و شان سے تجلی
نہین فرماتا بلکہ ہر آن ایک نئے تعین سے ظاہر ہوتا
ہے اور ایک نئی شان سے تجلی فرماتا اور اس مین
راز یہ ہے کہ حضرت حق کے اسماء متقابلہ ہین بعضے
لطفی بعضے قہری اور سب باکار ہین کوئی بیکار نہین
جب کوئی حقیقت امکانی بواسطہ حصول شرائط
و رفع موانع وجود کے لیے تیار ہوتی ہے تو رحمت
رحمانیہ اوسے وجود عطا کرتی ہے اور ظاہر وجود
بواسطہ تلبس بہ آثار و احکام اوس حقیقت کے متعین
اور اوسی تعین کی خصوصیت سے متجلی ہوتا ہے پھر
بسبب قہر احدیت حقیقی جس کا اقتضاء تعینات و آثار
کثرت صوری کا مضمحل کرنا ہے وہ تعین جاتا رہتا
ہے اور اوسی حالت مین بمقتضاے رحمت
رحمانیہ دوسرا تعین پہلے تعین کا ایسا متعین ہوتا
ہے اور پھر دوسری آن مین قہر احدیت
سے مضمحل ہو کر رحمت رحمانیہ سے دوسرا
تعین حاصل کرتا ہے اسی طرح ہمیشہ
ہوا کرتا ہے تو کسی دو آن مین ایک
تعین اور ایک شان سے تجلی

واقع نمی شود و در ہر آنے عالمے بعدم می رود و
دیگرے مثل آن بہ وجود می آید اما محجوب بہ تعاقب
امثال و تناسب احوال می پندارد کہ وجود عالم
بر یک حال است و در ازمنہ متوالیہ بر یک منوال
انواع عطا گرچہ خدا می بخشد ٭ ہر اسم عطیۂ جدا می بخشد
در ہر آنے حقیقت عالم را ٭ یا اسم فنا یکے بقا می بخشد
اما خطاء اشاعرہ پس این ست کہ او شان جواہر متعددہ
اثبات کردہ اند ورائے حقیقت وجود و اعراض
متبدلہ را بآنہا قائم داشتہ اند و نہ دانستہ اند
کہ عالم بجمیع اجزا نیست مگر اعراض متبدلہ متجددہ
مع الانفاس کہ در عین واحد جمع می شوند و در
ہر آنے ازین عین زائل می شوند و امثال آنہا
بوے متلبس می گردند پس ناظر بواسطۂ تعاقب
امثال این در غلط می افتد و می پندارد کہ آن امریست
واحد مستمر کما یقول الاشاعرۃ فی تعاقب الامثال
علی محل العرض من غیر ان
من تشخص من العرض مماثل
للشخص الاول فیظن الناظر انہا
امر واحد و اشاعرہ بجواہر این قائل شدہ اند
کہ بر تقدیر بودن جملہ اعراض قیام بدیگرے
ہم ثابت اگر چہ جواہر نخواہند بود و لازم خواہد آمد

تجلی نہین ہوتی ہر وقت ایک عالم معدوم
اور دوسرا ویسا ہی موجود ہوتا رہتا ہے مگر
محجوب تعاقب امثال و تناسب احوال سے
یہی سمجھتا ہے کہ عالم ایک ہی حال پر ہے اور
ازمنۂ متوالیہ ایک طرح پر رہتے ہین ؎
انواع عطا اگرچہ خدا می بخشد ٭ الخ مگر اشاعرہ
کی غلطی یہ ہے کہ اونھون نے حقیقت وجود کے
علاوہ جواہر متعددہ ثابت کرکے اعراض متبدلہ کو
اون مین قائم کیا یہ نہ سمجھے کہ عالم مع کل اجزا
اعراض متبدلہ متجددہ مع الانفاس کے سوا کچھ
نہین ہے جو ایک ذات مین جمع اور ہر ساعت
اوس سے زائل ہوتے اور ویسے ہی اور موجود ہوتے
ہین تو ناظر تعاقب امثال کی وجہ سے غلطی
مین پڑکر یہ سمجھتا ہے کہ وہ ایک امر مستمر ہے۔ چنانچہ
اشاعرہ تعاقب امثال مین بر محل عرض
بلا آن کے تشخص عرضی کو مماثل تشخص
اول کہتے ہین تو دیکھنے والا یہ سمجھتا
ہے کہ وہ امر واحد ہے۔ اور اشاعرہ
ان کے جوہر ہونے کے قائل ہوئے
ہین کیونکہ بر تقدیر سب کے اعراض ہونے کے
قیام دوسرے مین بھی ثابت ہے اگر جواہر نہ ہونگے

قیام العرض بالعرض واین چنانکہ ہست ظاہرست
واشاعرہ خود قائل اند بعرضیت ہر ہمہ اجزاء
مگر من وجہ حقیقت حقائق عرض و بہ نظر مقومات
خود ہا جوہر واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔ چون ذکر مسئلہ
تجدد امثال آمد مناسب نمود کہ نبذے از تحقیق
آن ہم بہ تفصیل نگارم باید دانست کہ شیخ اکبر
در فصوص الحکم می گوید کہ عالم عبارت است از
اعراض مجتمعہ در عین واحد جوہرے کہ حقیقت
وجود اوست آنہا متبدل و متجدد می گردند
مع الانفاس و در ہر آن عالم بہ عدم می رود و
مثل آن بہ وجود می آید چہ حضرت حق در ہر نفسے
متجلی بہ تجلی دیگر می شود در تجلی او اصلاً تکرار نیست
قال اللہ کل یوم ھو فی شان۔ الشان الحال
والیوم الآن والزمان المطلق الشامل لھما
شیخ ابو طالب مکی قدس سرہ می گوید کہ ان اللہ
تعالی لا یتجلی فی صورۃ مرتین ولا
یتجلی فی صورۃ الاثنین شیخ قدس سرہ در
فصوص می گوید کہ فما فی الحضرۃ الالھیۃ
لاتساعھا شئ یتکرر اصلاً اما اکثرے اہل عالم
ازین معنی غافل اند قال سبحانہ عز شانہ بل
ھم فی لبس من خلق جدید واللبس المستر

عرض سے عرض کا قیام لازم آئیگا اور یہ جیسا ہے
ظاہر ہے اور اشاعرہ خود تمام اجزاء کی عرضیت
کے قائل ہین مگر بوجہ حقیقت حقائق عرض
ہین اور بہ نظر اپنے مقومات کے جوہر اور اللہ تعالے
حقیقت حال خوب جانتا ہے چونکہ مسئلہ تجدد
امثال کا ذکر آگیا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کچھ
اوس کی بھی تحقیق تفصیلی لکھدون۔ حضرت شیخ
اکبر فصوص الحکم مین لکھتے ہین کہ عالم اون اعراض
سے مراد ہے جو جوہر یعنی حقیقت وجود مین مجتمع
ہین اور ہر گھڑی بدلتے اور نئے ہوتے رہتے ہین
اور ہر گھڑی عالم معدوم اور ویسا ہی موجود ہوتا
ہے کیونکہ حضرت حق ہر ساعت نئی تجلی سے
متجلی ہوتا ہے اوس کی تجلی مین تکرار نہین۔ اللہ
تعالے فرماتا ہے کہ ہر روز وہ ایک شان مین ہے
شان حال ہے اور یوم آن اور زمان مطلق دونون کو
شامل ہے شیخ ابو طالب مکی قدس سرہ کہتے ہین
کہ اللہ تعالی ایک صورت مین دوبار تجلی نہین فرماتا اور
نہ ایک صورت مین دو تجلیان کرتا ہے اور حضرت شیخ اکبر
فصوص مین لکھتے ہین کہ حضرت الٰہیہ مین بوجہ اوسکی وسعت
کے کوئی ایسی چیز نہین جو مکرر ہو مگر اکثر لوگ اس سے غافل
ہین اللہ تعالی فرماتا ہے کہ بلکہ وہ لوگ خلق جدید سے مستور ہین

وبہ مقتضاے قواعد عربیہ توصیف خلق بہ لبس
جدید وقتے صادق آید کہ ہر زمان عالم معدوم
گردد تا بجاے او ایجاد دیگر واقع شود و ہیچ
زمان بلکہ ہیچ آن از صفت تخلیق خالی نہ باشد
چہ خلق بمعنی اخراج از عدم بسوے وجود است
وجدید صفت مشبہ و وضع او براے لزوم واستمرار
است اگر بفرض یک آن از ایجاد خالی افتد
لزوم نماند و ذکر جدید کاذب گردد و آنچہ گفتہ اند کہ
مراد از خلق جدید آنست کہ در ہر زمان چندین
از جزئیات پیدا می شوند و چندین معدوم
می گردند پس بعید است چہ اگر خلق جدید بمعنی
مذکورہ می بود ذکر فی لبس باطل می افتاد
چہ خلق جزئیات موالید امریست مشہود و معلوم
کہ ہیچ دانا را اشتباہ دران نیست و آیۂ کریمہ
وتری الجبال تحسبہا جامدۃ وھی تمر
مر السحاب نیز ناظر بہ تجدید خلق است یعنی جبال
بعدم می روند و امثال آنہا بوجود می آیند
چنانچہ ہر پارۂ ابر از چشم می گذرد و پارۂ دیگر مثل
او مقابل چشم می آید و اگر این آیت در بیان
حال قیامت می بود ذکر تحسبہا جامدۃ لغو
می افتاد چہ شریعت مشحون ست بآنکہ ظہور

اور بہ مقتضاے قواعد عربی خلق کی صفت لبس
جدید سے اوس وقت صادق آتی ہے کہ جب
ہر گھڑی عالم معدوم ہو اور بجاے اوس کے
دوسرا موجود ہو اور کوئی زمانہ بلکہ کوئی وقت
صفت تخلیق سے خالی نہ رہے کیونکہ خلق کے معنی
عدم سے وجود مین لانے کے ہین لفظ جدید
صفت مشبہ ہے اور لزوم استمرار کے لیے بنایا
گیا ہے اگر بالفرض ایک گھڑی بھی ایجاد سے
خالی رہے تو لزوم نہ رہیگا اور ذکر لفظ جدید
غلط ہوگا اور یہ جو کہا ہے کہ خلق جدید سے یہ
مطلب ہے کہ ہر وقت اس قدر جزئیات پیدا
اور اس قدر ناپید ہوتے ہین تو بعید ہے کیونکہ
اگر خلق جدید کے یہ معنے ہوتے تو فی لبس کا ذکر
غلط ہوتا اس لیے کہ جزئیات موالید کی تخلیق
ایک امر مشہود و معلوم ہے جسمین کسی عقلمند کو شبہہ کرنیکی
ضرورت نہین اور آیۂ کریمہ وتری الجبال الخ بھی
تجدید خلق بتاتی ہے یعنی پہاڑ معدوم ہوتے اور ویسے
ہی موجود ہوتے ہین جیسے ابر کے ٹکڑے آنکھ سے
گذرتے اور ویسے ہی اور سامنے آتے ہین اور اگر یہ آیت
قیامت کے متعلق ہوتی تو تحسبہا جامدۃ
کہنا لغو ہوتا کیونکہ شرع کا یہ معلوم ہے کہ ظہور

احوال قیامت بر جمعے خواہد بود کہ از شرع و عقل
بے بہرہ خواہند بود و قائل بہ لفظ اللہ نخواہد ماند
چہ احوال قیامت ہمہ اہوال اند کہ مستحق آن بجز
ہمچو مردم دیگرے نخواہد بود و اگر وقوع این احوال
بنحوے باشد کہ از چشم ہمچو مردم مخفی بماند و اینہا را
علم بہ وقوع آن نہ باشد این ہمہ اہوال نسبت
با ایشان اہوال نہ باشد و آنچہ آنحضرت صلعم
فرمودہ اند کہ لا تقوم الساعۃ الا فی زمان
لا یبقی علی وجہ الارض من یقول اللہ اللہ
بے معنی می گردد و سر درین آن است کہ حق تعالی
را اسماء متقابلہ اند بعضے لطفی کہ آنہا را اسماء جمالیہ
می نامند و بعضے قہری کہ آنہا را اسماء جلالیہ
می گویند و ہمہ در کار اند تعطیل بر ہیچ یکے از ینہا
